روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
NOVEMBER
2023
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 7
قیمت 100 روپے
خواب میں جواب دیکھنا
حاضرات کا زبردست عمل
ہسٹیریا یا آسیب
خواص دہ اسماء شریف
گھر کو حادثات سے محفوظ بنائیں!
چہل کاف کے مجرب اعمال
حصول ملازمت و بحالی ملازمت کا خاص عمل
دفن شدہ تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر
20% خصوصی رعایت
برائے نومبر 2023
نورانی اعمال
ہدیہ: 9,100
سورۃ فلق کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں
دار العمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الفلق کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔
نورانی اعمال
ہدیہ: 9,100
سورۃ ناس کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں
دار العمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الناس کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔
خاص خاص اعمال
ہدیہ: 30,000
کڑاہی والا عمل
بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ یہ عمل عام مریضوں کے لیے نہیں کیا جاتا۔ یہ عمل بڑی جگہوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔
علوی نورانی اعمال
ہدیہ: 9,100
مندرہ شاہ علی
بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔
علوی اعمال
ہدیہ: 11,000
عمل حُب خاص 1
حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔
علوی اعمال
ہدیہ: 11,000
عمل حُب خاص 2
حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ عورتوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔
Whatsapp
+92-322-4773786
باموکل اعمال
ہدیہ: 15,000
سورۃ مزمل باموکل
بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔
باموکل اعمال
ہدیہ: 15,000
سورۃ یٰسین باموکل
روحانی ترقی، ہر کام میں آسانی اور ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا عمل۔
باموکل اعمال
ہدیہ: 15,000
سورۃ جن باموکل
جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔
روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی، طبی نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین
برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے
ربیع الثانی، جمادی الاوّل
۱۴۴۵ھ
نومبر 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 7
ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور
قیمت 100 روپے
مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف
مدیر
مولانا حافظ علی آفاق
معاون مدیر
حکیم سلیم اللہ ظفر
مجلس مشاورت
غلام سرور شباب صاحب (ٹوبہ ٹیک سنگھ)
قیصر احمد صاحب (کراچی)
مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
ابوانس صاحب (لاہور)
مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
محمد علیم صاحب (لاہور)
مشیر قانونی
چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں
بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا
سالانہ ممبر شپ بذریعہ پاکستان پوسٹ
عام ڈاک: 1170 روپے
رجسٹرڈ ڈاک: 1530 روپے
نوٹ ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔
سالانہ ممبر شپ بذریعہ کوریئر TCS
لاہور کیلئے: 1730 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے
لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے
سالانہ ممبر شپ بذریعہ ای میل / واٹس ایپ
ای میل: 700 روپے
واٹس ایپ: 700 روپے
نوٹ ہر ماہ کی پہلی / دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔
برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat
دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht
darulamalchishtia
0322-7772772
0343-7772772
0312-7772772
0306-7772772(ufone)
042-35410586
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
روحانی درگاہ 0333-7772775 0309-7772775
مکتبۃ العارف 0332-4487877 0323-4487877
مطب العارف 0320-5410586 042-35410586
روحانی علاج گاہ 0324-7772772 0342-7772772
ایم این بک سٹور 0309-7772770 0316-7779370
الٹرنیٹو میڈیسن سٹور 0309-7772778 0349-7772778
روحانی دکان 0334-4312272 0320-4312272
عارفی پرفیومز 0309-7772776 0346-7772776
فلاحی مرکز 0312-7772772 042-35410586
خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا
ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات) http://darulamal.org/

فہرست مضامین

نومبر 2023ء

ربیع الثانی، جمادی الاوّل ۱۴۴۵ھ

مضمون	صفحہ
آیئے اپنی ایمانی اور روحانی حفاظت یقینی بنائیں (مولانا علی آفاق)	5
ایک قابل اصلاح طرز عمل (مولانا نجم الحسن مدظلہ)	6
سلسلہ سہروردیہ (حضرت مولانا محمد عاصم اعظمی رحمہ اللہ)	7
فرض نمازوں اور تہجد میں فرق (مرسلہ: مولانا عبدالرحمن مدظلہ)	8
روحانیات وتصوف (قیصر احمد بی اے، کراچی)	9
دشمن کے لئے خاص اعمال (حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمہ اللہ)	11
آسیب سے نجات کے عملیات (مولانا امان اللہ نقشبندی رحمہ اللہ)	12
آسیب سے نجات کے اعمال (صوفی غلام سرور شباب مدظلہ)	13
خواب میں زیارت کے اعمال (مولانا محمد یٰسین صدیقی)	14
خواص دہ اسماء شریف (حکیم سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی)	16
سورۂ مزمل کے مجرب عملیات (شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ)	18
درود شریف کے خاص صیغے (خالد مقبول حفظہ اللہ)	19
ہسٹیریا یا آسیب (ابصار فاطمہ جعفری)	21
دفن شدہ تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل (محمد ایاز اسلمی اویسی)	22
مشائخ سلسلہ تجانیہ کا حفاظت کا زبردست روحانی قلعہ (محمد عارف)	23
روحانی تشخیص کے دو خاص اعمال (پیر انعام علی جعفری انوری)	23
حاضرات کا زبردست عمل (صوفی غلام سرور شباب مدظلہ)	25
مفرور کی واپسی کے طلسمات (یاسین قادری مدظلہ، کراچی)	26
حصول ملازمت وبحالی ملازمت کا خاص عمل (مولانا اعجاز احمد خان)	27
شوہر کی محبت تازہ رکھئے! شادی کو بوجھ نہ سمجھئے (شمائلہ حسن)	32
شرف قمر کے اعمال (صوفی عمران رضوی، بھارت)	34
نظرات سیارگان کے اعمال (فیصل حمید نقشبندی، لاہور)	36
لوح کامیابی ہر مقصد (حسن، کراچی)	37
ہبوط زہرہ کے اعمال (خالد مقبول حفظہ اللہ سرپرست دار العمل چشتیہ)	38
خواب میں جواب دیکھنا (صوفی ظفر کھوکھر، جھنگ)	39
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	41
قصیدۂ غوثیہ مع ترجمہ (صاحبزادہ فقیر احمد رضا قادری سروری)	42
جسمانی امراض کے روحانی علاج (محمد شبیر، اسلام آباد)	44
دو افراد میں لڑائی کروانا (ملازم حسین، اسلام آباد)	46
بری موت سے حفاظت (سلیمان سبحانی)	46
چہل کاف کے مجرب اعمال (صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہ)	47
عملیات میں اجازت کی اہمیت (مولانا حافظ علی آفاق)	48
حقائق صحت جدید جانیں ذرا ہٹ کے (سید زاہد حسین زیدی)	51
گھر کو حادثات سے محفوظ بنائیں! (بشریٰ تسنیم)	53

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ/بینک ڈپازٹ سلپ 0343-7772772 پر واٹس ایپ بھیجئے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس بھیجئے یا کال کرکے لازماً مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔

1 منی آرڈر: بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔

ایزی پیسہ Icon۔ بنام خالد مقبول۔ **03437772772**

جاز کیش Icon۔ بنام مکتبۃ العارف۔ **03028401977**

#0*786* ملائیں اور Till ID "0016 5958" درج کریں اور رقم جمع کروائیں۔

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

a برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

b برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 00102913466

مزید تفصیلات کیلئے لنک وزٹ کیجئے: darulamal.org/payment

ادارہ دار العمل چشتیہ کا آفیشل فیس بک https://bit.ly/3DZfi05

حمد باری تعالیٰ

ڈاکٹر محمد امین

یارب دے ہم کو دل تِری الفت کے واسطے
اور درد دل میں تیری محبت کے واسطے

صدقات اور خیرات کے بدلے میں مل گیا
جنت کا مژدہ اہلِ سخاوت کے واسطے

تعویذ خدمت درِ مرشد کو رکھ لو
ہاں نامۂ اعمال میں برکت کے واسطے

خوف اور غم سے اولیاء ہیں بے نیاز سب
فرمایا حق نے ان کو یہ عظمت کے واسطے

تم کو فریدؔ عالم رویا میں ہو گئی
زیارت نصیب دوریٔ فرقت کے واسطے

........................*............*

رفعتیں تیرے لئے، سب عظمتیں تیرے لئے
خالقِ حرف و بیاں سب مدحتیں تیرے لئے

زندگی تیرے لئے اور بندگی تیرے لئے
اُلفتیں تیرے لئے سب چاہتیں تیرے لئے

تو کہ لا محدود ہے، حدِ مکاں بھی تجھ سے ہے
سرحدِ امکان تلک سب رفعتیں تیرے لئے

عقل حیراں ہے کہ کیسا ہے نظامِ کائنات
اے حکیمِ بے بدل! سب حکمتیں تیرے لئے

میں کہ بندہ ہوں تو پھر بندے کا کیسا اختیار
قادر مطلق ہے تو سب قدرتیں تیرے لئے

حرف سب تیرے لئے ہیں لفظ سب تیرے لئے
صورتِ اظہار کی سب صورتیں تیرے لئے

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

رفیع الدین ذکی قریشی اشرفی

جتنے بھی میری زیست میں آتے ہیں مرحلے
آقا پہ چھوڑ دیتا ہوں سارے معاملے

سرکار! التجا ہے یوں بادِ صبا چلے
ہر اک شجر وطن کا مرے پھولے اور پھلے

ہنستے ہوئے وہ دین پہ قربان ہو گئے
جو ربّ کے تھے حبیب کی آغوش میں پلے

تا حشر جن کی روشنی کم ہو نہ پائے گی
دنیا میں وہ جو آئے تو ایسے دیے جلے

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کرم سے ہی ہو جائیں گے وہ طے
"دنیا کے مسئلہ ہوں کہ عقبیٰ کے مرحلے"

آتے ہیں طیبہ میں ہمیں جتنے گدا نظر
سارے خزانے اُن کے ہی پاؤں کے ہیں تلے

آقا! بحق ربِ عُلا التجا ہے یہ
میرے وطن میں طیبہ سے آکر صبا چلے

یا رب! نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے واسطے اِن کا بھرم رہے
اُٹھتے ہیں دیدِ طیبہ کے جو دل میں ولولے

تجھ کو ترے حبیب کا یا رب! ہے واسطہ
ان کے طفیل ہی مرے سب حل ہوں مسئلے

سرکار! واسطہ ہے خدائے رحیم کا
منڈلا رہی ہے سر پہ جو وہ ہر بلا ٹلے

کچھ غم نہ ہو گا گرمیٔ خورشیدِ حشر کا
ہوں گے لوائے حمد کے سائے کے ہم تلے

یارب! عطا مجھے بھی ہو اِن مسئلوں کا حل
جتنے بھی دیدِ طیبہ میں حائل ہیں مسئلے

یارب! ذکیؔ کی حسرت دل کا بھی ہو خیال
پھر جا رہے ہیں خلدِ مدینہ کو قافلے

آئیے اپنی ایمانی اور روحانی حفاظت یقینی بنائیں

تحریر: از مولانا علی آفاق

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ! محترم قارئین کرام نومبر کا شمارہ مختلف عنوانات اور موضوعات پر مشتمل ہے۔ سب سے پہلے تو اکتوبر 2023ء میں شائع ہونے والے فراخی رزق نمبر کی کامیابی، پذیرائی اور دعاؤں کے بے شمار پیغامات، خطوط، ای میلز اور فون کالز نے ہمارا حوصلہ بڑھایا، ہمت باندھی۔ اس ساری صورتحال، تشکر، دعائیں، تعریفیں وغیرہ پر ہم آپ سب دوستوں، قارئین اور طلباء کرام جو روحانی درسگاہ سے وابستہ ہیں ان سب کے شکر گزار ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود ہیں کہ اس کی رحمت اور فضل و کرم ہمارے شامل حال رہا اور اس لائن یعنی روحانی علوم کی ترویج و اشاعت میں ایک مرتبہ پھر مختلف روحانی معالجین، روحانی فلاسفر، یوٹیوبرز اور مختلف خواتین و حضرات کو مختلف معیاری اور قابل اشاعت و عمل مواد حاصل ہوا۔ ہمارے ادارے سے وابستہ تمام طلباء کرام جو روحانی علاج کرتے ہیں یا روحانی وظائف کے شائقین ہیں وہ فراخی رزق کے لئے تمام وظائف اپنے سائلین کو بتا سکتے ہیں۔ ہمارے خاص نمبر آپ کو اُس خاص موضوع پر ہر کتاب، رسالے، میگزین اور یوٹیوب اور فیس بک یا کتابچے سے بے نیاز کر دیتے ہیں۔ لہٰذا آپ ہمارے ادارے سے خاص نمبر کو کتاب سمجھ کر اپنی لائبریری کی زینت بنا کر اپنے سائلین کو ان کے روحانی پریشانیوں سے نکالنے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔

اب دوسرے موضوع کی طرف چلتے ہیں اور وہ ہے نومبر میں ہونے والا "تبلیغی اجتماع" رائے ونڈ ہے۔ اجتماع دو حصوں میں منعقد ہوتا ہے۔ دنیا بھر سے احباب و افراد رسول ﷺ کی نیابت کے حق کی ادائیگی اور اپنی زندگی کو اسوۂ رسول ﷺ کے مطابق سنوارنے کا بہترین موقع اور مشق ہے۔ یہ اور اس طرح کے اجتماعات دنیا بھر میں منعقد کرنے کا مقصد بھی یہ ہے کہ کس طرح دنیا بھر میں اللہ کا کلمہ بلند ہو۔ حضور ﷺ کی سنت کا چرچا ہو۔ ہماری زندگی کے تمام شعبہ جات میں حضور ﷺ کے جانثاروں کی عملی اقدامات کی تصویر نظر آئے اور بالآخر تمام انبیاؑ اور خصوصاً خاتم الانبیا ﷺ کی بعثت کا مقصد نا صرف پورا ہو سکے بلکہ اس مقصد کی تکمیل میں ہماری جان، مال، وقت، بھی استعمال ہو اور قیامت کے دن حضور ﷺ کے جانثاروں کی صف میں شامل ہو جائیں۔

تیسرا عنوان یہ ہے کہ اس سردیوں میں نومبر سے مارچ تک روحانی علوم کے شائقین اپنے اعمال و اسباق کے بارے میں الرٹ ہو جائیں اور قبرستانوں، ویرانوں کے چلوں کے لئے تیار ہو جائیں اور روحانی مریض ٹارگٹ رکھیں کہ اگلے تین (3) ماہ میں ہم نے روحانی علاج اور روحانی علوم سیکھ کر اپنے قدموں پر کھڑے ہونے کا عزم کریں۔ ہمارا ادارہ دنیا میں واحد اور یونیک ہے، منفرد ہے، ممتاز ہے کہ جہاں پر آپ معمولی محنت، ہمت علاج اور حصار سے ہمیشہ کے لئے پیروں پر کھڑا ہونے کی استعداد و صلاحیت پیدا کر سکتے ہیں لہٰذا آگے بڑھیں فون کریں اور ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں۔

ایک قابلِ اصلاح طرزِ عمل

مولانا نجم الحسن مدظلہ (ناظم خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون)

سلوک وتصوف ہمارے اکابر کی سرگرمیوں اور محنتوں کا نہایت اہم حصہ رہا ہے؛ لیکن اس لائن سے در آنے والی خرابیوں کی اصلاح پر بھی حضرات اکابر نے بڑی توجہ دی ہے، اس وقت افسوس ناک صورتِ حال یہ ہے کہ جن چیزوں کی اصلاح پر ہمارے اکابر نے عمریں کھپا دیں انھیں کے نام لیوا اپنی سادہ لوحی یا ذاتی وقتی مفاد کی خاطر پھر انھیں چیزوں کو ہوا دے کر نئے فتنوں کو جنم دے رہے ہیں۔

شاعرِ مشرق نے اس کی منظر کشی اس طرح کی ہے:

مذہب میں بہت تازہ پسند اس کی طبیعت
کرلے کہیں منزل تو گزرتا ہے بہت جلد
تحقیق کی بازی ہو تو شرکت نہیں کرتا
ہو کھیل مریدی کا تو ہرتا ہے بہت جلد
تاویل کا پھندا کوئی صیاد لگا دے
یہ شاخِ نشیمن سے اُترتا ہے بہت جلد

والد صاحب سے کئی مرتبہ سنا کہ جس وقت حضرت گنگوہیؒ پہلی مرتبہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے مزار پر فاتحہ کے لیے تشریف لے گئے تو دیکھا کہ مزار سے متصل کچھ اینٹیں رکھی ہوئی تھیں آپ احاطہ سے باہر رک گئے اور دریافت فرمایا کہ یہ اینٹیں کیسی رکھی ہوئی ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ ان کو فاتحہ پڑھنے والوں کی راحت وسہولت کے لیے مزار سے متصل بچھا دیں گے۔ فوراً تغیر ہوگیا اور فرمایا کہ جب تک ایک ایک اینٹ احاطہ سے باہر نہیں ہوجائے گی میں اندر نہیں آؤں گا، چنانچہ چند لمحوں میں خدام نے اینٹیں احاطہ سے باہر کردیں تب حضرت اندر تشریف لے گئے اور فاتحہ پڑھی، اس کے بعد فرمایا کہ بھائی یہ جو کلیر اور اجمیر میں تم دیکھ رہے ہو یہ سب ایک دم سے ایسا نہیں ہوگیا اس کی ابتداء اسی طرح ہوئی ہے: آج اینٹیں بچھائیں گے، کل چہار دیواری ہوگی، پھر قُبہ بنے گا، چادریں چڑھیں گی، بدعات اسی طرح شروع ہوتی ہیں۔

خود حضرت حکیم الامتؒ نے اپنی خانقاہ کو جانشینی کی رسم سے پاک رکھنے کی ہدایت فرمائی کہ جگہ کو اصل نہ بنایا جائے

نشہ مے کو تعلق نہیں پیمانے سے

اس سلسلہ میں حضرت حکیم الامت نے مستقل رسالہ ”تحفۃ الشیوخ“ تحریر فرمایا، آپ فرماتے تھے کہ ایک خانقاہ کے باقی نہ رہنے کا افسوس نہ کیا جائے۔ ۷۰ خانقاہیں آباد ہوں گی جن لوگوں کو میں نے اجازت دی ہے وہ اپنی اپنی جگہ رہ کر کام کریں جہاں گڑ ہوگا مکھی خود بخود آئے گی۔

یہ تھی دور اندیشی اور بے نفسی تواضع اور للّٰہیت خود اپنے عمل سے مثال قائم فرما گئے، کیسی احتیاط تھی؟ اس سے سبق حاصل کرنا چاہیے، سب کو معلوم ہے کہ اس وقت کی تقریباً تمام مرکزی شخصیات حضرت حکیم الامتؒ کے دامنِ عقیدت سے وابستہ تھیں حضرت چاہتے تو تھانہ بھون مرکز بن جاتا، لیکن ہدایت فرمادی کہ یہاں کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جس سے دارالعلوم اور مظاہر العلوم کی مرکزیت کو ٹھیس پہنچے، بڑی کتابیں، بڑے چندے بڑے مدرسوں کا حق ہیں، ان مراکز دینیہ کی مرکزیت حضرت کو بے حد عزیز تھی۔ وہ مسلمانوں کے انتشار کا ایک بڑا سبب ان کی مرکزیت کا فقدان گردانتے تھے، اس لیے جس درجہ میں جہاں مرکزیت تھی وہ اس کو غنیمت سمجھتے تھے۔

دیکھنے میں آرہا ہے کہ دیکھا دیکھی دن تاریخ اور وقت کی تعیین کے ساتھ مجالس ذکر، مجالس درود اور مجالس دعائے جہری کا اہتمام اور تداعی کا التزام دن بدن زور پکڑ رہا ہے، جب کہ مستحب عبادات کے لیے اجتماع اور تداعی کو فقہائے کرام نے منع فرمایا ہے، خانقاہوں کا اصل مقصد تزکیۂ باطن اور تہذیب اخلاق تو فوت ہوگیا، رسمی اعمال کی بھرمار ہورہی ہے، کچھ وظائف اور ذکر واذکار بتادیے، خوابوں کی تعبیر بتادی اور مذکورہ بالا مجالس منعقد کرلیں، سارا زور کیفیات، مکاشفات، منامات اور کرامات پر رہتا ہے اعمال واخلاق کی درستگی کی کوئی فکر نہیں؛ بلکہ سچی بات یہ ہے کہ ان میں مصلح بننے کی صلاحیت ہی نہیں، الاماشاءاللہ۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کو حق تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں اور اوصاف وکمالات کے ساتھ احوال الناس کا امتیازی علم عطا فرمایا تھا۔ دین کے ہر رخنہ پر نظر اور اس کے تدارک اور اصلاح کی حکیمانہ تدبیریں ودیعت فرمائی تھیں جن سے آپ نے خوب خوب کام لیا اور ہر موقع پر امت کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیا، آپ نے جس طرح شریعت ظاہرہ کو جہالت وضلالت کی تاریکیوں سے نکالنے کا کام انجام دیا اسی طرح طریقت باطنہ کو افراط وتفریط کی بھول بھلیوں سے نجات دلائی، طریقت کہ جو ایک زمانے سے محض چند رسوم کا مجموعہ ہو کر رہ گئی تھی اور جس کی اصل حقیقت مستور ہو چکی تھی، حشو وزوائد سے پاک کر کے سلف صالحین کے رنگ پر لا کھڑا کیا۔ جاہل پیروں اور دوکاندار صوفیوں کی پیدا کردہ غلط فہمیوں اور من گھڑت عقیدوں کی اصلاح فرمائی جو شریعت اور طریقت کو دو چیزیں سمجھتے اور سمجھاتے رہے۔ آپ نے اپنے مواعظ وملفوظات اور عام مجالس میں عقائد عبادات کی اہمیت کے ساتھ ساتھ اخلاق ومعاملات اور عملی زندگی کے کاروبار کی صحت پر بے حد زور دیا ہے۔ آپ نے تمام عمر یہی تلقین فرمائی کہ طریقت عین شریعت ہے، احکام الٰہی کی باخلاص تمام تعمیل وتکمیل کا ہی نام طریقت ہے، باقی سب ہیچ ہے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے یہاں اجتماعی معمولات تھے ہی نہیں۔ ہر شخص کے لیے اس کے حسب حال نسخہ تجویز ہوتا تھا اور وہ اپنے معمولات اپنے اپنے حجروں میں پورا کرتا، سالکین کے لیے خانقاہ میں تقریباً ۵۰ حجرے تھے، تہجد کے وقت خانقاہ کی ایسی کیفیت ہوتی تھی جیسے شہد کے چھتے پر شہد کی مکھیوں کی بھن بھناہٹ ہوتی ہے، کسی قسم کا شور وغل نہ ہوتا، ظہر وعصر کے درمیان اصلاحی مجلس عام منعقد ہوتی، اس میں نو وارد ملاقات کرتے ہر شخص کو کوئی بات دریافت کرنے یا حاجت وضرورت پیش کرنے کی اجازت ہوتی، اسی وقت حضرت والا خطوط کے جوابات تحریر فرماتے، اہل حاجت کے لیے تعویذ لکھتے، ساتھ ساتھ تربیتی ملفوظات ہوتے رہتے۔

(ماہنامہ دار العلوم، شمارہ: 11-10، جلد: 104، صفر- ربیع الثانی 1442ھ مطابق اکتوبر-نومبر 2020ء)

سلسلۂ سہروردیہ

حضرت مولانا محمد عاصم اعظمی رحمہ اللہ

اس خانوادۂ طریقت کے بانی حضرت شیخ ضیاء الدین ابونجیب سہروردی رحمہ اللہ ہیں جو شیخ وجیہ الدین ابوحفص رحمہ اللہ کے مرید وخلیفہ تھے۔

اس سلسلہ کی اشاعت آپ کے مرید وخلیفہ شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی۔ آپ کی مشہورِ زمانہ کتاب ”عوارف المعارف“ تصوف کی گراں قدر کتاب اور صوفیاء کے لئے مشعلِ ہدایت ہے۔

اس سلسلہ طریقت میں اتباع اور محبت الٰہی کی تعلیم دی گئی ہے بلکہ پیروی رسول اللہ ﷺ عین محبتِ الٰہی ہے۔

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ لکھتے ہیں: ”پس جو جتنا متبع رسول ﷺ ہے، اسی قدر محبتِ الٰہی کا حصہ دار ہے اور صوفیاء نے اسلامی گروہ میں سب سے بڑھ کر اتباعِ رسول ﷺ کی ہے۔“

اس سلسلہ تصوف میں علم وعمل ...... دونوں پر توجہ دی جاتی ہے لیکن پیروی رسول ﷺ اور محبتِ رسول ﷺ پر زیادہ زور ہے۔ پیروی راہِ حق اور اتباعِ مسلک خاص اصول ہیں۔

حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ اکثر فرماتے تھے کہ ”میرا فرزند وہی ہے جو میرے طریقے پر چلے اور میری راہ ہدایت اختیار کرے۔“

اس سلسلہ کی اشاعت کا مرکز بغداد تھا۔ وہاں سے یہ سلسلہ حضرت خواجہ بہاء الدین زکریا ملتانی علیہ رحمہ کے ذریعے ہندوستان آیا اور پنجاب، یوپی، بہار اور بنگال میں خوب پھیلا۔

مرسلہ: مولانا عبدالرحمٰن مدظلہ (قطر)

فرض نمازوں اور تہجد میں فرق

کیا آپ کو معلوم ہے فرض نمازوں اور قیام اللیل (تہجد) میں کیا فرق ہے؟ سب سے زیادہ تحقیق جو میں نے قیام اللیل کے متعلق کی ہے، اس سے آپ کے تن بدن میں رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے۔

میری خواہش ہوگی کہ آپ سب اس تحریر کو آخر تک لازمی پڑھیں۔

یہ ''دعوت کا کارڈ'' ہے، (رب العالمین) کی طرف سے۔

مجھے رات کے آخری حصے کی نماز (قیام اللیل) نے تعجب میں مبتلا کر دیا!

اور میں نے اس میں پایا کہ:

٭٭فرض نمازوں کی ندا بشر ہی لگاتے ہیں، جبکہ قیام اللیل کی ندا رب العالمین لگاتے ہیں۔

٭٭فرض نمازوں کی ندا ہر شخص سنتا ہے، جبکہ قیام اللیل کی ندا بعض لوگ ہی محسوس کرتے ہیں۔

٭٭فرض نمازوں کی ندا (حی علی الصلاۃ، حی علی الفلاح) ہے۔ جبکہ قیام اللیل کی ندا (ھل من سائل فاعطیہ....) ہے کوئی سوال کرنے والا میں اسے عطا کر دوں؟

٭٭فرض نمازیں تمام مسلمانوں پر فرض ہیں۔ جبکہ قیام اللیل صرف اللہ کے چنے ہوئے مؤمن ہی ادا کرتے ہیں۔

٭٭فرض نمازیں بعض لوگوں کی دکھاوے کی نظر ہو جاتی ہیں۔ جبکہ قیام اللیل چھپ کر اور صرف اللہ کی رضا کے لیے ادا کی جاتی ہے۔

٭٭فرض نمازوں کو ادا کرتے وقت مسلمان دنیاوی سوچوں میں مگن اور شیطانی وسوسوں میں مبتلا رہتا ہے۔ جبکہ قیام اللیل میں مؤمن دنیا سے منقطع اور آخرت کی فکر میں مگن ہو جاتا ہے۔

٭٭فرض نمازوں میں مسلمان مسجد میں دوسروں سے ملاقات میں مشغول ہو جاتا ہے۔ جبکہ قیام اللیل میں مؤمن اللہ سے ملاقات کا شرف اور اس سے کلام اور سوال کا متلاشی رہتا ہے۔

٭٭فرض نمازوں میں دعا قبول ہونے کا علم نہیں۔ جبکہ قیام اللیل میں اللہ نے خود اپنے بندوں سے دعا کی قبولیت کا وعدہ کیا ہے۔

٭٭آخر میں قیام اللیل اس خوش نصیب کو حاصل ہوتی ہے جس سے اللہ کلام کرنا چاہتا ہو اور اس کے ھم وغم سننا چاہتا ہو، کیونکہ وہ اپنے اس مؤمن بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔

پس خوش قسمت ہے وہ شخص جس نے اللہ ذوالجلال والاکرام کی طرف سے بھیجا گیا دعوت نامہ کارڈ کی صورت میں حاصل کیا اور اس کے سامنے بیٹھ کر باتیں کیں اور اس سے مناجات کی لذتیں حاصل کیں۔

جب آپ رات کے آخری پہر، اندھیروں میں، اپنے مالک الملک کے سامنے پیش ہوں تو بچوں والا اخلاق اپنائیں کہ جب بچہ کوئی چیز مانگتا ہے تو نہ ملنے پر وہ روتا ہے، یہاں تک کہ حاصل کر لیتا ہے۔ پس آپ بھی اپنے رب سے بچوں کی طرح مانگیں۔ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی ترغیب دیں۔

روحانیات و تصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ملک الموت لوگوں کے پاس آتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے تو انہوں نے تھپڑ مار دیا۔ جس سے ملک الموت کی ایک آنکھ پھوٹ گئی۔ ملک الموت نے بارگاہ الٰہی میں شکایت کی۔ الٰہی! تیرے بندے موسیٰ علیہ السلام نے میری ایک آنکھ پھوڑ دی اور اگر وہ آپ کے نزدیک مکرم ومحترم نہ ہوتے تو میں بھی ان کی آنکھ پھوڑ دیتا۔

اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: ''تم میرے بندے کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ کسی بیل کی کھال پر رکھیں۔ ان کے ہاتھ کے نیچے جتنے بال ہوں گے، ہر بال کے عوض ایک سال عمر بڑھا دوں گا۔'' ملک الموت نے اللہ رب العزت کا یہ پیغام حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پہنچا دیا تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''جب موت آنی ہی ہے تو ابھی سہی۔''

پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک سیب دیا، جس کو انہوں نے سونگھا اور ملک الموت نے ان کی روح قبض کر لی۔ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کی آنکھ کو درست کر دیا۔ اس کے بعد ملک الموت لوگوں کے پاس پوشیدہ طور پر آنے لگے۔'' (امام احمد، بزار حاکم صحیح)

کھوپڑی سے روح اللہ کی گفتگو

ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت بیان کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے ہمراہ جا رہے تھے۔ راستے میں کسی مُردے کی ایک کھوپڑی نظر آئی۔ آپ کے ساتھیوں نے درخواست کی کہ اے روح اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اس کھوپڑی کو قوت گویائی عطا فرما دے اور یہ کھوپڑی گزرے ہوئے عجیب واقعات ہم کو سنا دے۔ اس سے ہم کو عبرت حاصل ہو گی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دو رکعت نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ آپ علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی اور کھوپڑی بول اُٹھی کہ اے روح اللہ! پوچھیے کیا پوچھتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ میں آپ کی باتوں کا جواب دوں۔

آپ علیہ السلام نے پوچھا تو اس زمین میں کون سی شخصیت رکھتا تھا۔ کھوپڑی نے جواب دیا۔ میں اس زمین کا بادشاہ تھا۔ ہزار برس زندہ رہا، ہزار اولاد مجھ سے ہوئی، ہزار شہر فتح کئے، ہزار لشکروں کو شکست دی اور ہزار بادشاہوں کو قتل کیا۔ بالآخر اس فاتح زمانہ کو موت آئی۔ میں نے اچھی طرح معلوم کر لیا کہ زہد وتقویٰ سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں اور حرص وطمع میں ہلاکت ہی ہلاکت ہے اور اللہ تعالیٰ کی ہدایت پر راضی رہنے میں سب سے بڑی عزت ہے۔

قصص القرآن (سیریز) قصص الحدیث (سیریز)

قصص القرآن سیریز اور قصص الحدیث سیریز میں بچوں اور بچیوں کے لئے قرآن کریم اور احادیث مبارکہ مین آنے والے واقعات کو آسان اور عام فہم انداز میں تحریر کیا گیا ہے تاکہ ہمارے بچوں کو بچپن ہی سے قرآن کریم اور احادیث مبارکہ سے لگاؤ پیدا ہو جائے۔ الحمد للہ قصص القرآن سیریز کے اب تک ۲ حصے جبکہ قصص الحدیث سیریز کے ۳ حصے شائع ہو چکے ہیں۔

قصص القرآن (سیریز)

چیونٹی کا ڈر

ابابیل کے کنکر

قصص الحدیث (سیریز)

سترہ دینار — غار سے رہائی — صرف ایک عمل

صحابہ کرام (سیریز) صحابیات کرام (سیریز)

قدم بہ قدم، نظم بہ نظم

صحابہ کرام (سیریز)

بچوں اور بچیوں کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قدم بہ قدم اور صحابیات کرام رضی اللہ عنہن قدم بہ قدم، نظم بہ نظم سیریز۔ ان کتابوں کا پڑھنا ہمارے بچوں اور بچیوں میں صحابہ کرام وصحابیات کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی سے واقفیت کے ساتھ ساتھ ان کی زندگی میں مثبت تبدیلی کا باعث بھی ہوگا۔ اس سیریز کے اب تک چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔

آنو دوڑ لگائیں — حبیبہ کا جواب

صحابیات کرام (سیریز)

اخلاقی وتربیتی (سیریز)

بچے پھول ہیں، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ان کی خوشبو ئیں مہکتی رہیں، یہ یونہی سرسبز وشاداب رہیں اور ہمارا روشن مستقبل وقیمتی سرمایہ بنیں، تو آج سے ہمیں ان بچوں کی اخلاقی تربیت کرنی ہوگی۔ اسی فکر کے پیش نظر احباب بیت العلم نے بچوں کے لئے اخلاقی وتربیتی سیریز کے نام سے ایک سلسلہ شروع کیا ہے۔ الحمد للہ! اس سیریز کے 9 حصے شائع ہو چکے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔

- اپنی غلطی مان لیجیے
- اجازت لیجیے
- سخاوت کیجیے
- ہمدردی کیجیے
- صبر کا پھل
- آیئے! بھلائی چاہیں
- معافی مانگئے
- سلام کو عام کیجیے
- گمان اچھا رکھیے

بچوں کیلئے سبق آموز کہانیوں کی دلچسپ سیریز

ذوق وشوق (اول تا پنجم)

جس میں بچوں کو عزم ملے گا، حوصلے ملے، تعلیم وتربیت کے سلیقے ملیں گے، اخلاق وایثار کا درس ملے گا، بھائی چارگی، رہن سہن کے پھول اور اتحاد کے گلدستے ملیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

ان کتابوں کا پڑھنا بچوں کی معلومات میں بھی اضافہ کرے گا۔ آج ہی دیئے گئے پتے پر رابطہ کرکے طلب فرمائیں

365 کہانیاں (اول تا چہارم)

بچوں کے تعمیری ذہن سازی کیلئے جس طرح اچھی پڑھائی اور اچھے ماحول کا ہونا ضروری ہے وہیں اب کہانیاں ایسی ہوں جس میں اللہ رب العزت اور رسول اللہ ﷺ سے محبت اور والدین کی فرماں برداری کا تذکرہ ہو تو کیا ہی بات ہے، اور اسی لئے ایسی کہانیوں کو سال کے 365 دنوں کے اعتبار سے 365 کہانیوں کو ترتیب دیا گیا ہے تاکہ ہر روز بچہ ایک نئی سبق آموز کہانی پڑھ سکے اور اس کی ذہن سازی ہو۔

دشمن کے لیے خاص اعمال

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمہ اللہ

کسی فاسق فاجر یا ظالم کو گھر سے یا دکان سے منتقل کر دینا

جب تم چاہو کہ کوئی فاجر فاسق اور یا ظالم گھر یا دکان چھوڑ کر چلا جائے تو مندرجہ ذیل نقش لکھو اور فلاں ابن فلاں کی جگہ اس شخص اور اس کے باپ کا نام لکھو۔ اس طرح کہ چاروں طرف یہ آیات ہوں: پہلی: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۔ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ۔ دوسری آیت: يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ تیسری: كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ۔ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ۔ چوتھی: فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ۔ اس نقش کو ہفتہ کے دن پہلی گھڑی میں لکھو۔ پھر اس نقش کو جس شخص کو منتقل کرنے کا ارادہ ہو، اس کے دروازہ کی چوکھٹ کے نیچے رکھ دو تو وہ اپنے گھر دکان و محل سے منتقل ہو جائے گا۔ اتنے وقت میں جو ممکن ہو سکے، اللہ کی طاقت و قدرت سے اور وہ یہ نقش ہے، مکمل اور کامل۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں۔ اس کا تجربہ کیا ہے، صحیح ہے۔

كانهم حمر مستنفرة فرت من قسورة

جبرائیل

	ط۹	
ج۳	۵۰	ز۷
	۱	

میکائیل

ظالم کے گھر، دکان یا زمین کی بربادی

دوسرے نقش کی کیفیت یہ ہے کہ ایک شکار کیا ہوا اُلو لو اور اس کا اس طریقہ سے نام لکھو جیسا کہ پچھلے نقش میں سکھایا تھا اور یہ عمل کسی ظالم فاسق تکلیف پہنچانے والے یا شرابی کو ہرگز ہرگز نہ لکھاؤ۔ اس تعویذ کو مہینہ کے آخری ہفتہ کے دن پہلی گھڑی میں لکھو اور اس کو ظالم کی زمین، اس کے گھر یا اس کی دکان کے دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دبا دو تو وہ بہت جلد برباد و ویران ہو جائے گا۔ اور یہ ہے نقش جو کامل و مکمل ہے۔

دشمن کو مرض شدید میں مبتلا کر دینا

امام غزالیؒ نے ذکر کیا ہے کہ اگر دشمن کو (بمصلحت شرعی) ہلاک کرنا یا مرض شدید میں مبتلا کرنا ہو تو برج اسد لیث اور شنبین کا انتظار کرتے رہو الگ الگ اور جس کو ہلاک کرنے کا ارادہ ہو، اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لوہے کی چھری کے ایک جانب اور دوسری جانب چھری کے یہ نقش بناؤ۔ اس تعویذ کو منگل کے روز مہینہ کے آخر میں لکھو اور اس چھری پر تعویذ برھتیہ پینتالیس (45) بار پڑھو اور ہر مرتبہ اپنی مراد کو دہراؤ۔ پھر اگر اس کو قتل کرنے کا ارادہ ہو تو سخت تپش والی آگ میں لوہے کی چھری کو گاڑ دو اور اگر اس کو صرف بیمار کرنے کا ارادہ ہو تو ذرا ہلکی آگ میں چھری کو گاڑ دو تو وہ مریض ہو جائے گا اور اس کا رنگ بدل جائے گا۔ حلال چیزوں میں ہی اس کا استعمال ضروری ہے۔ (ورنہ خود ہی کو نقصان ہو سکتا ہے)

۱	۳	ھ	۷	۹

آسیب سے نجات کے عملیات

شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمۃ اللہ

برائے آسیب

برائے آسیب جن و پری محفوظ ماند، مجرب است۔ واکثر مرتبہ تجربہ شدہ است وتیر بہدف ایں نقش۔ ایں نقش بر بازوئے خود بندد۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

صہ	۴	طہ	صد
ا	لے	سح	لے
وای	س ع	بن	سید
ح	ع	سط	در

آسیب دیو و پری

ایں نوشتہ فتیلہ روشن ساختہ دودش در بینی ودماغ آسیب زدہ رساند۔

برائے جن و پری

ایں فتیلہ نوشتہ روشن ساختہ دودش در بینی ودماغ مریض رساند۔

برائے آسیب

اگر معوذتین کا نقش آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے یا بازو میں باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، شفاء ہوگی۔

وہ نقش یہ ہے:

۳۶۸۲	۳۶۹۵	۳۶۹۲	۳۶۸۹
۳۶۹۳	۳۶۸۸	۳۶۸۳	۳۶۹۴
۳۶۸۷	۳۶۹۰	۳۶۹۷	۳۶۸۴
۳۶۹۶	۳۶۸۵	۳۶۸۶	۳۶۹۱

بحق ایں نقش پر قسم آسیب ونظر بد و ہر مرض درو جوں ایں را دفع شود دفع شود دفع شود

برائے آسیب

اس نقش کو باوضو لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے۔ فوراً آرام ہو جائے گا۔

مجرب ہے۔

بحق عزرائیل — بحق جبرائیل — بحق میکائیل

لا	الٰہ	الا اللہ	محمد رسول	اللہ
اِلَّا اللہ	۱۲۸ ۱۱	۹۹ ۹	۳۲۲ ۱۳	۷۳ ۵
۶ ۱	۸۸ ۸	۷۵ ۷	۴۸ ۴	۱۲۳ ۱۰
۴۷ ۶	۱۳۸ ۱۳	۸ ۲	۱۱۶۱ ۱۴	صـ ۱۱ ۳

بحق اسرافیل

برائے آسیب

اس فلیتہ کو ناک میں دھونی دے۔ مجرب ہے۔

ابلیسؑ، فرعونؑ، سکرائوؑ، ہامانؑ، حجانؑ، کاوؑ، نعم اللہ العظیم

۶ع ۱- ۶ع ۱۱ ۱۱۶ع ۱ع لد ۱ ۱۶ع ۱۰ ۱۶ع ۱۲

آسیب سے نجات کے اعمال

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

آسیبی مریض کے علاج کا ایک اور طلسماتی روغن

یہ روغن ہمارا مجرب روغن ہے اور یہ ایک صدری راز تھا جو ظاہر کر دیا ہے۔ سفید کبوتر کا خون۔ سیاہ بلی کا خون۔ سفید خرگوش کا خون۔ سیاہ چمگادڑ کا خون۔ سفید مرغ کا خون۔ سیاہ گدھ کا خون۔ ہر ایک مساوی وزن لے کر ملائیں۔ پھر زبد البحر۔ کبریت احمر۔ تخم سداب۔ تخم بھنگ۔ تخم حرمل۔ تخم بلسان تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر پیس لیں۔ بعد ازاں ان سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے تانبے کے برتن میں محفوظ کر لیں۔ طلسماتی روغن تیار ہے۔ بوقتِ ضرورت اس میں سے تھوڑا سا لے کر مریض کو اس کی دھونی دیں اور چند قطرے ناک میں ٹپکا دیں۔ ان شاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں جنات، بھوت پریت، آسیب اور ارواحِ خبیثہ وشیاطین بیمار کا پیچھا چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔

ارواحِ خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شرفشانیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی علاج پر لاجواب و بے مثال شہرہ آفاق تصنیف ہماری کتاب ''آسیبی قوتوں سے نجات'' کا مطالعہ فرمائیں۔

بچوں پر جنات کا سایہ روکنے کے لئے

کسی کاغذ پر حرف حا کے مندرجہ ذیل طلسم تحریر کریں۔ طلسمات یہ ہیں: ح ح ح ح ح ح ح ح طاسو اط طا کر وہ بیقی بیفن منو شلح

پھر اس پر سوتی کپڑا لپیٹ کر لوبان گز برہ کے ساتھ آسیب زدہ بچے کو دھونی دیں۔ ایسا کم از کم تین (3) روز کریں۔ آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔

دفع شیاطین وخبیث

جس گھر میں جن یا شیاطین یا خبیث یا گفتار یا کسی اور موذی کا گذر ہو اور وہ اذیت یا تکلیف پہنچاتا ہو یا گھر میں رہنے والوں میں سے کسی کا کوئی عضو بیکار کر دیا ہو تو اس کے دفع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک قلعی کی لوح لے کر لوہے کے قلم سے اس کی مثلث لکھیں اور گھر میں اس کو دفن کر دیں تو تمام تکلیف دینے والے اس مکان سے بھاگ جائیں گے۔ (ثا) اس کے عدد رقمی ۵۰۰، لفظی ۵۰۱، اور عددی ۱۱۶۱ ہیں۔ کل ۲۱۶۲ ہیں اس کی مثلث یہ ہے۔

۷۸۶ے

۲۰ے	۲۵ے	۱۸ے
۱۹ے	۲۱ے	۲۳ے
۲۴ے	۱۷ے	۲۲ے

جنات سے گھر خالی کرانا

اگر کسی گھر میں جنات ہوں تو پانچ (5) وقت گھر میں بلند آواز سے آذان دی جائے۔ جنات بھاگ جائیں گے۔ اور پھر سورۂ فیل پوری لکھ کر گھر میں ہر چہار طرف لگا دیں۔ جنات خواہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں سب بھاگ جائیں گے اور دوبارہ کبھی اس گھر میں واپس نہ آئیں گے۔

جنات و آسیب بھگانے کا زبردست عمل

مندرجہ ذیل عمل اکیس (21) دن وقت مقرر پر اور ایک ہی جگہ پر روزانہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھنا ہے۔ عمل مکمل ہونے کے بعد جب کوئی مریض آئے۔ جس پر آسیب ہو یا جنات کا اثر ہو۔ سوائے دھاگہ کے باقی ہر قسم کے دھاگہ پر اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں۔ اسی طرح سات (7) گرہ لگائیں۔ اور وہ دھاگہ مریض کو گلے میں پہننے کے لیے دیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے جنات و آسیب بھاگ جائیں گے۔

اس عمل کے پڑھنے والے کے جسم میں زبردست قوت پیدا ہوتی ہے۔ بیک وقت دو جوانوں کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ عمل کے بعد جب بھی کوئی مریض تو اپنی ہتھیلی پر اکیس (21) مرتبہ عمل پڑھ کر دم کریں۔ اور مریض کے رخسار پر تھپڑ ماریں۔ تو مریض رونے اور چلانے لگے گا۔ اللہ کا واسطہ دے گا کہ دوسرا تھپڑ نہ مارنا۔ میں اس کو چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ عمل یہ ہے:

پڑ بنّاں پڑ کر بنّاں۔ پڑ دِی بنّاں تار۔ مدد میری یا علی مشکل کشا۔

خواب میں زیارت کے اعمال

مرتب: مولانا حکیم محمد یٰسین صدیقی عفا اللہ عنہ

یہ تمام اعمال حضرت مخدوم سید محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ (سمرانی شریف، سندھ) کے ارشاد فرمودہ ہیں۔

زیارت النبی ﷺ و اولیاء کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہم

چھ (6) رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ بعد فاتحہ رکعت اولیٰ میں والشمس، ثانیہ میں واللیل، ثالثہ میں والضحیٰ، رابعہ میں الم نشرح، خامسہ میں والتین اور سادسہ میں سورۂ قدر سات سات (7،7) مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جس کی زیارت چاہے گا نصیب ہوگی۔ ایک ہی رات کا عمل ہے۔

لمن اراد ان یری فی منامه ما یرید

وروی عن علی بن ابی طالب علیه السلام قال من اراد ان یریه الله تعالی فی منامه ما یرید فلیصلی ست رکعات قبل ان ینام۔ یقراء فی الرکعة الاولی الفاتحه مرة والشمس و ضحیها سبع مرات وفی الثانیة الفاتحه مرة واللیل اذا یغشی سبع مراة و فی الثالثة الفاتحة مرة والضحیٰ سبع مرات وفی الرابعة الفاتحة مرة والم نشرح سبع مراة وفی الخامسة الفاتحة مرة والتین والزیتون سبع مرات وفی السادسة الفاتحة مرة وانا انزلناه فی لیلة القدر سبع مراة۔ فاذا فرغ اثنیٰ علی الله تعالی و صلی علی نبیه محمد صلی الله علیه وسلم ثم یقول اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَرَبَّ اِبْرَاهِیْمَ وَ رَبَّ مُوْسٰی وَ رَبَّ عِیْسٰی وَ اِسْحَاقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ عِزْرَائِیْلَ وَ مُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلَ وَ الزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیَ اللَّیْلَةَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ۔

فاذا رای فی لیلته اوفی الثانیة اوفی الثالثة واوفی یبلغ السابعة الاوقد اتاه الامر کذا و کذا ان شاء الله تعالی۔

نبی کریم ﷺ کی زیارت کے بیان میں

1. شب جمعہ کو (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد) بعد نمازِ عشاء غسل کرے اور لباس پاکیزہ پہن کر عطر لگائے اور لوبان جلائے اور یہ درود شریف ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو رہے۔ ان شاء اللہ زیارت سے مشرف ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِكَ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ اَنْ تَرَانِیْ وَجْهَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ مَنَامِیْ هٰذَا رُؤْیَتِیْ تُقَرِّبُهَا عَیْنِیْ وَ تُفَرِّجُ بِهَا کُرَبِیْ وَ تَشْرَحُ بِهَا صَدْرِیْ وَ تَاْلَفُ بِهَا شَمْلِیْ وَ تَجْمَعُ بِهَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی وَلَا تُفَرِّقْ بَیْنِیْ وَ بَیْنِهٖ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

2. شب جمعہ کو دو (2) رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ، آیۃ الکرسی ایک بار (1) اور سورۃ اخلاص گیارہ (11) بار پڑھے۔ بعد سلام اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے۔ ان شاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

3. حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی افزونی محبت اور زیارت کا وظیفہ:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ وَ یَا نَاصِرَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَاتَمَ الرِّسَالَةِ وَ یَا سَیِّدَ النَّبِیِّیْنَ۔ روزانہ بعد نماز عشاء اکتالیس (41) مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ اس کے پڑھنے سے حضور رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت کا دریا سینہ میں موج افگن ہوتا ہے۔ اگر کوئی مسلمان پابندی کے ساتھ بلاناغہ ایک (1) چلّے تک اس وظیفے کا معمول رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور کے دولتِ دیدار سے مشرف ہوگا۔

فیصل حمید نقشبندی کی نادر و نایاب کتب

نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحات	قیمت	نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحات	قیمت
1	اعمال ارسال ہاتف	49	1500	30	عملیات تسخیر و محبت نوری	112	2500
2	اعمال بندش صدری	63	1500	31	عملیات تسخیرات محبت	72	3500
3	اعمال بنگالہ صدری (2)	126	3500	32	عملیات و سفلیات	123	3000
4	اعمال دعوات و تسخیر	81	3000	33	عملیات و طلسمات نظر بندی	50	2500
5	اعمال ہند بنگال و بابل	70	1200	34	عملیات بغدادی	70	2000
6	اعمال حب و عداوت	110	2000	35	عملیات درویش	104	4000
7	اعمال مندرہ حضرت علیؑ	75	800	36	عملیات پطرس	103	2000
8	اعمال نوری صدری	70	2000	37	عملیات منتر شکتی	112	3500
9	اعمال قابوس اصل	110	3000	38	اصلی نوری صابر منتر	83	3500
10	اعمال قرآنی صدری	50	1500	39	بنگالی سفلی تسخیرات	46	750
11	اعمال سحر شیطان	73	1500	40	بیاض تسخیر و حاضرات نوری	106	2000
12	اعمال شادی و نکاح	54	1500	41	جاگ جگنی	130	4000
13	اعمال سحر و دشمنان	52	2000	42	کشکول صفدری	70	3000
14	اعمال تسلیط	62	2000	43	کتاب الامراض اعمال شفا	40	1200
15	اعمال و خواص آیت کریمہ	43	1500	44	مہا گرو گھنٹال (2)	74	4000
16	اعمال و خواص برہتیہ نوری	49	1800	45	اعمال و خواص سورۂ لہب	54	1500
17	اعمال و خواص نادِ علیؑ، مندرہ	54	900	46	مہا صدی پر یوگ	77	2500
18	اعمال و خواص سورۂ فیل	34	1000	47	منتر مالا	89	1200
19	اعمال و خواص سورۂ اخلاص	61	1000	48	مجرب صدری اعمال	149	3500
20	اعمال و خواص سورۂ کوثر	41	600	49	مجربات فیصل	65	2500
21	اعمال و خواص سورۂ قریش	37	1000	50	مجربات پطرس	75	2500

خواص دہ اسماء شریف

حکیم فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلویؒ (دیپالپور)

یہ دس (۱۰) اسم دفع شر جن و انس و بلیات و آفات، ہر مشکلات و قضاء حاجات اور تسخیر خلائق خصوصاً تسخیر بادشاہ، حاکم یا امراء کے لئے بھی پڑھتے ہیں اور جن نکالنے کے لئے بھی عمل میں لاتے ہیں۔ اگر کسی کے گھر میں جن کا خلل ہو تو ان دس (۱۰) اسماء کو دس (۱۰) بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھڑک دیں تو اس گھر میں کوئی جن یا کسی قسم کی روحانی چیز نہ رہے گی۔ بارہا تجربہ کردہ ہے۔ اور یہ اسماء دفع رجعت میں بھی اثر قوی رکھتے ہیں اور ہر قسم جادو ٹونہ طلسم وغیرہ کے دور کرنے کو چند بار پانی پر دم کر کے پلا دیں، فوراً اثر دور ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ باقی خواص حسب ذیل ہیں:

خواص دہ اسماء شریف

یہ دس (۱۰) اسماء شریف حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر لکھے ہوئے تھے۔ ان ہی دس (۱۰) اسماؤں کی برکت و عظمت سے عصا فوراً اژدھا ہو جاتا تھا جس کی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام معجزہ دکھاتے تھے۔ ان اسماء کے لاکھوں کیا بلکہ بے شمار خواص ہیں۔ اگر لکھے جائیں تو دفتر کے دفتر بھر جائیں گے لیکن خواص ختم نہ ہوں گے۔ فقیر ناچیز سید محبوب الہٰی چند خواص خاصان خاص طالب حق کے لئے حسب ذیل درج کرتا ہے۔ جو صاحب فیض حاصل کرے، فقیر کو بھی دعائے خیر سے یاد فرمائے۔

خاصیت ۱: یہ ہے کہ اگر کوئی شخص چاہے کہ میرے گھر میں برکت ہو اور کبھی مفلس نہ رہوں تو ان دہ (۱۰) نام شریف کو روزانہ بعد نماز صبح بہتر (۷۲) بار مع چند بار درود شریف اوّل آخر کے پڑھتا رہے۔ پس ہمیشہ خوش حال رہے گا اور گھر میں ہر طرح، ہر چیز میں بکثرت برکت ہوگی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بارہا تجربہ کردہ ہے۔

خاصیت ۲: اگر کوئی چاہے کہ دنیا کی تمام نعمت حاصل ہو تو اُس کو چاہیے کہ یہ دس اسماء شریف چالیس (۴۰) روز تک روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے۔ اور بعض روایت ہے کہ روزانہ پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے۔ اوّل آخر سو سو (۱۰۰۰، ۱۰۰) بار درود شریف۔ پرہیز جلالی گوشت انڈا مچھلی بالکل نہ کھاویں، کوئی منہ سے جھوٹا کلام نہ کریں اور کسی عورت کے نزدیک نہ جائے، نہ اپنے حجرہ میں کسی کو آنے دیں، جامہ پاک وجگہ پاک میں بیٹھ کر پڑھا کرے۔ پس اس قدر نعمت دنیاوی حاصل ہوگی کہ پڑھنے والا خوش حال ہو جائے گا اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ زمین کا مدفون خزانہ نظر آئے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔ جس کا دل چاہے کریں۔

خاصیت ۳: اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ جملہ درندگان و پرندگان دشتی و وحوش وجن و ماہی و مور و کژدم و موش و مار و کل حشرات الارض وغیرہ فرمانبردار ہو جاویں اور ہر وقت خدمت گار رہیں تو اُس کو چاہئے کہ تین (۳) چلہ تک خلوت میں رہے اور کسی فاسق عورت یا مرد کا منہ نہ دیکھے اور روزی حلال کھائے۔ اور یہ دہ (۱۰) نام شریف روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار پڑھا کرے یعنی دو ہزار (۲۰۰۰) صبح کو اور تین ہزار (۳۰۰۰) رات کو پڑھا کریں۔ اسی طرح جب تین (۳) چلہ پورا ہوگا۔ اس دوران میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر درود بکثرت پڑھتا رہے۔ جب تینوں چلوں سے فارغ ہوگا تو تمام درندگان دشتی وکل جانوران تری و خشکی عامل کے فرمانبردار ہو جائیں گے اور شیر سواری کے لئے سانپ کا کوڑا تجھے حاصل ہوگا۔ اور جو بھی عامل کو دیکھے گا، دوست رکھے گا۔ لیکن ان اسماء کے جو بھی اسرار عامل پر ظاہر ہوں، کسی سے بیان نہ کرے اور صاحب دعوت اپنی حفاظت خود کرے تا کہ رجعت نہ ہو۔ یہ طریقہ اکثر بزرگان سلف کا معمول تھا۔

خاصیت ۴: طریقہ یہ ہے کہ کوئی یہ چاہتا ہو کہ دیو پری میرے مسخر ہوں تو ایک سال تک روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار دس اسماء کو پڑھے۔ تخلیہ میں بیٹھا رہے اور فاسق آدمی وحیض والی عورت کو نہ دیکھے۔ ہر قسم جلالی پرہیز کریں اور جس برتن میں گوشت لگ گیا ہو، اُس کو استعمال میں نہ لائے۔ اسی طرح سے جب ایک سال (۱) ہو جائے گا تو جملہ دیو و پری حاضر ہو کر فرمانبردار ہوں گی۔ اور جو حکم عامل کرے گا، فوراً بجا لاویں گی، ان شاء اللہ۔ یہ عمل کئی بزرگان کا معمول ہے۔

خاصیت ۵: طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی چاہتا ہو کہ میرے دل کی آنکھ باطنی کھل جائے، جس سے میں عرش سے فرش وتحت الثریٰ تک دیکھ سکوں اور جو کسی کے دل میں بات ہو وہ فوراً معلوم ہو جائے تو چاہئے کہ دس نام شریف کو ایک سال تک روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار پڑھ اور سال بھر تک روزہ بھی رکھے۔ افطار صرف ڈیڑھ تولہ سبزی سے کریں اور کوئی فاسق مرد وعورت حائضہ کو نہ دیکھے۔ پس اس مدت میں ہزاروں قسم کی نعمتیں حاصل ہوں گی۔ دل کی باطنی آنکھ کشادہ ہو کر مشرق تا مغرب تک ہر چیز کو دیکھ لے گا اور کشف القلوب حاصل ہو جائے گا، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

خاصیت ۶: اگر کوئی کشف الارواح یا کشف القلوب حاصل کرنا چاہتا ہو تو چار چلہ تک متواتر روزہ رکھیں اور روزانہ وہ اسماء شریف پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار پڑھا کرے اور فاسق عورت و مرد کو اپنے سامنے نہ آنے دں۔ اور کس و ناکس سے گفتگو نہ کرے۔ منہ سے کوئی جھوٹی بات نہ کرے اور ہر قسم خطرہ نفسانی سے بچا رہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ، چار چلہ پورا ہونے پر کشف ارواح وکشف القلوب ایسا ہو گا جس کا خیال کرو گے، فوراً اُس کی دل کی بات معلوم ہو جائے گی، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

خاصیت ۷: اگر بارش نہ ہوتی ہو اور قحط سالی ہو گئی ہو تو چار روز تک روزانہ پچیس ہزار (۲۵۰۰۰) بار دس اسماء کو پڑھے۔ پھر آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تا آخر تک پڑھے، پس فوراً بارش شروع ہو گی۔ جب تک عامل یہ نہ کہے گا کہ بند ہو جا، تب تک بند نہ ہو گی، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

خاصیت ۸: اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ زمین سے پانی کا چشمہ جاری ہو، جس سے سارا عالم فیض حاصل کرے اور کبھی کم نہ ہو تو جلالی اور بودار چیز نہ کھائے اور دہ نام شریف روزانہ پڑھے۔ پس چلہ پورا ہونے پر جو کچھ عامل کہے گا، فوراً اجابت ہو گی، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

خاصیت ۹: جو شخص یہ چاہے کہ حق تعالیٰ رزق اپنے غیب سے عطا کرے، جس میں کوئی آدم درمیان میں وسیلہ نہ ہو، جس طرح عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کو آسمان سے ہر نعمت آتی تھی، اسی طرح آوے تو چاہئے کہ ایک سال تک متواتر روزانہ روزہ بھی رکھے اور دہ اسماء شریف کو روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ سال پورا نہ ہو گا کہ غیب سے رزق آنا شروع ہو جائے گا۔ یہ دہ نام کا ورد بزرگان دین خاص الخاص سچے عاشق و صادق مرید طالب کو تعلیم کرتے ہیں۔ نااہل کو خبر تک نہیں دیتے تا کہ دنیا میں فتنہ نہ پھیلائے۔

خاصیت ۱۰: اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ ملائک معظم کو ظاہری آنکھ سے دیکھوں اور میں ملائکہ سے گفتگو کروں تو دہ اسماء شریف کو ہفت چلہ میں دس لاکھ بہتر ہزار (۱۰۷۲۰۰۰) با صوم وصلوٰۃ کے پڑھے اور کسی فاسق عورت یا مرد کو نہ دیکھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ، پہلے چلہ میں ملاقات ملائکہ ہو جائے گی۔ بعض کو دوسرے چلہ میں۔ بعض کو تیسرے چلہ میں۔ کسی کو چوتھے چلہ میں۔ اگرچہ ساتویں چلہ تک ضرور ملائکہ اُس کے سامنے حاضر ہوں گے جن کو ظاہری آنکھ سے دیکھے گا اور ہر طرح گفتگو کرے گا اور کل حالات موت زندگی خیر وشر سے آگاہ کریں گے۔ لیکن عامل کو چاہئے کہ ڈیڑھ تولہ سے زیادہ غذا نہ کھائے تا کہ دل صاف رہے۔ بسیار مجرب ہے۔ اکثر بزرگان دین کا تجربہ ہے۔

خاصیت ۱۱: اگر ہر جانور کی گفتگو کو بخوبی سمجھ لوں تو عامل کو چاہئے کہ ایک سال تک خلوت اختیار کرے۔ افطار دو تولہ سبزی کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے اور دہ اسماء کو روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے۔ اس کے علاوہ بکثرت درود شریف پڑھا کرے اور پھر ہزار (۱۰۰۰) بار کلمہ طیبہ بھی پڑھے۔ پس اس حال سے سال گزرے گا تو ہر جانور کی بولی بخوبی سمجھنے لگ جائے گا۔ مجرب ہے۔

خاصیت ۱۲: اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ دریا اور آگ وہوا ہر جگہ زمین مشرق تا مغرب تک پہنچنے کی طاقت اور پانی پر چلنے، آگ میں نہ جلنے کی قوت حاصل ہو تو اُس کو چاہئے کہ دو تولہ سے زیادہ نہ کھائے اور وہ اسماء شریف روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار بمع بکثرت درود شریف پڑھے۔ ایک چلہ تک تو پانی پر چلنے کی قوت، ہوا پر اُڑنے کی قابلیت اور آگ پر چلنے کی توفیق حاصل ہو گی۔ اگر اسی حال میں تین (3) چلہ کرے تو آگ پانی وہوا وزمین مسخر

(بقیہ ص 54)

سورۂ مزمل کے مجرب عملیات

شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ

تنگ دستی دور کرنے کیلئے

مندرجہ ذیل مجرب ہے۔ رات کامل تنہائی میں سونے سے پہلے گیارہ (11) بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ ہر بار ختم سورہ پر یہ رباعی معنی پر غور کرتے ہوئے پڑھیں۔

اے خالق خلق رہ نمائے بفرست
اے رزاق رزق در کشائے بفرست
کارمن بے چارہ گرہ در گرہ است
فضل بکن و گرہ کشائے بفرست

ان شاءاللہ بہت جلد دین دنیا کی نعمتیں حاصل ہوں گی۔

بربادی دشمن کے لئے

غروب ماہ کے کسی سنیچر کی صبح ایسے وقت گورستان پہنچ جائیں کہ سورج قبرستان پہنچنے کے بعد طلوع ہو۔ فوراً کسی ایک قبر کے پاس کھڑے ہو کر بغیر بسم اللہ ایک بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ اور ذرا سی مٹی قبر کے سینے کی اٹھا کر شیشی میں ڈال دیں اور دوسری قبر پر جا کر حسب سابق بغیر بسم اللہ سورۂ مزمل ایک بار پڑھ کر ذرا سی مٹی اٹھالیں۔ اسی طرح ستر (70) قبروں کی مٹی اٹھا کر شیشی میں ڈال لیں۔ شام تک دشمن کے گھر میں ڈال دیں یا ڈلوا دیں۔

نوٹ: انتہائی مظلومیت کی حالت میں کریں۔ اگر رہائش تبدیل کر کے ظالم کے ظلم سے بچ سکیں تو رہائش تبدیل کرلیں۔ آپ کے عمل سے ظالم کے بے قصور بچے بھی متاثر ہوں گے۔ ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

قبرستان سے آنے کے بعد لباس تبدیل کرلیں بعد از غسل۔ مٹی گھر میں نہ لائیں۔ فوراً موقع نہ ملے تو مٹی کو کہیں رکھ دیں یا جیب میں رکھیں، گھر میں داخل نہ ہوں۔ سورج غروب ہونے سے پہلے مٹی ڈالنے کا موقع نہ ملے تو آئندہ منگل یا سنیچر کو اسی وقت دوبارہ کریں اور یہ مٹی اسی قبرستان میں ڈال آئیں۔ اور شیشی بھی وہیں پھینک دیں۔ گھر آ کر غسل کریں اور لباس تبدیل کرلیں۔

یہ عمل بقرعید کی نماز کے فوراً بعد کریں تو ہزار گناہ تیز اثر کرتا ہے۔ جائز ناجائز کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔ بہتر یہ ہے کہ مصنف یا اپنے اس پیر سے اجازت لے لیں جس کے آپ باقاعدہ مرید ہوئے ہیں۔

میٹھا پھل

سورۂ مزمل از اول تا قَوْلًا ثَقِيلًا گلاب وزعفران سے نئی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر متواتر سات (7) روز اس عقیمہ عورت کو پینے کے لئے دیں، جسے جسمانی مرض نہ ہو اور اس کا شوہر بھی طبی نقطہ نظر سے صحت مند ہو۔ اگر جسمانی خرابی ہو تو پہلے علاج، پھر دعا۔

نوٹ: روزانہ نئی طشتری استعمال کی جائے اور ماہواری کی طہارت کے فوراً بعد متواتر سات (7) روز تک طشتری لکھ کر دی جائے۔ اس عرصے میں مقاربت سے پرہیز کیا جائے۔ ان شاءاللہ بامراد ہوگی۔ اس ماہ حاملہ نہ ہو تو آئندہ ماہ بعد طہارت یہی عمل کیا جائے۔ زیادہ سے زیادہ سہ ماہ میں مراد پوری ہوجاتی ہے۔

درود شریف کے خاص صیغ

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

صلوات النورانية / صلوات بداوی کبریٰ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ، وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ، وَاَفْضَلِ الْخَلِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ، وَاَشْرَفِ الصُّوْرَةِ الْجِسْمَانِيَّةِ، وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ، وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ، صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ، وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ، وَالرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ، مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ، فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ، وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ، وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ، وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

صلوات الفتح

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ نَاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِيْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ۔

صلوٰت المنجية

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ۔

صلوات سیدنا علی رضی اللہ عنہ

صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَلَائِكَتِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَبَرَكَاتُهٗ۔

سید الصلوات

عَلٰى اَشْرَفِ الْعَالَمِيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الصَّلَوَات

عَلٰى اَفْضَلِ الْعَالَمِيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الصَّلَوَات

عَلٰى اَكْمَلِ الْعَالَمِيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الصَّلَوَات

صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَلَائِكَتِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَبَرَكَاتُهٗ. وَرَضِيَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَنْ سَادَاتِنَا اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَجْمَعِيْنَ وَعَنِ التَّابِعِيْنَ بِهِمْ بِاِحْسَانٍ وَعَنِ الْاَئِمَّةِ الْمُجْتَهِدِيْنَ الْمَاضِيْنَ وَعَنِ الْعُلَمَاءِ الْمُتَّقِيْنَ وَعَنِ الْاَوْلِيَاءِ الصَّالِحِيْنَ وَعَنْ مَشَايِخِنَا فِي الطَّرِيْقَةِ النَّقْشَبَنْدِيَّةِ الْعَلِيَّةِ، قَدَّسَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَرْوَاحَهُمُ الزَّكِيَّةَ وَنَوَّرَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَضْرِحَتَهُمُ الْمُبَارَكَةَ وَاَعَادَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِهِمْ وَفُيُوْضَاتِهِمْ دَائِمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

صلوٰت العالی القدر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

الصلوٰت الناریة

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ۔

کوئی دعویٰ نہیں
کوئی وعدہ نہیں
طلسمی آلۂ نور
قیمت:
3000 روپے
رعایتی قیمت 2000
خوشی وبرکت کا روحانی ایٹمی فارمولا
جب اپنا کوئی عمل کے بارے میں دیکھنا ہو یا کوئی مشکل حل نہ ہو رہی ہو تو رات سونے سے پہلے اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ عبارت لکھ کر ایک سو (100) بار عمل پڑھ کر، پہلے آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار پڑھ کر اپنے مطلب کی دعا کرکے ہتھیلی کان کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اوّل تو پہلی رات حالات کا پتہ چلے گا، ساتھ اس کا حل بھی بتایا جائے گا۔ اگر پرہیز میں کوئی کمی ہوگئی ہو تو تین (3) رات کے بعد آپ کو مطلب کا حل بتایا جائے گا۔ اسی طرح سائل کا کام کس طرح ہوگا؟ تصور کرکے پڑھیں۔ ہاتھ میں آخر میں نام بمعہ والدہ اور مطلب لکھ کر عمل دم کرکے سو جایا کریں۔ آپ کو اس کا حل تین (3) رات سے سات (7) رات میں، اس مشکل کا حل بتایا جائے گا۔ کام جائز ضروری ہونا شرط ہے کیونکہ نورانی کلام ہے۔ کسی پر بندش ہے جو کسی عمل سے حل نہیں ہو رہی ہو تو اس عمل کو کریں گے تو پوری تسلی سے آپ کو پتہ چلے گا۔ جب اپنا مطلب پورا ہو یا سائل کا کام تسلی بخش ہو جائے تو خدا کے نام پر اور بزرگان دین کے نام کو ایصال ثواب تحفۃً ھدیۃً چاول پکا کر بچوں میں، غریبوں میں تقسیم کرنا ہوں گے یا برفی خرید کر تقسیم کر سکتے ہیں تاکہ آپ پر رجعت نہ ہو۔ کسی عالم دین سے زبر زیر درست کرا کر عمل کریں۔ اگر خود عربی کا علم نہیں رکھتے تو فون پر پوچھنا اچھا نہیں ہے۔ خود بزرگوں کے در پر جا کر ادب احترام سے مطلب پوچھو تاکہ آپ کو درست جواب ملے۔ باادب بانصیب بے ادب بے نصیب...... بزرگوں کا مقولہ ہے۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے اعمال

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کو ادارے کی روحانی درسگاہ کی طرف سے اعمال سکھائے جاتے ہیں جن کی کوئی فیس یا ھدیہ نہیں ہے۔ بس محنت ممبران کی ہے اور اجازت ورہنمائی ہماری۔ اس سلسلے میں مزید ایک بات ذہن نشین رکھنے کی ہے کہ ان اعمال کو صرف وہی ممبران سیکھ سکتے ہیں، جن کی ممبر شپ جاری ہو۔ جو افراد ممبر نہیں ہیں، بے شک وہ ہر ماہ باقاعدگی سے کسی بک شاپ یا سٹال سے خریدتے ہوں، اس سہولت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ وہ صرف "عوام" کو سکھائے جانے والے اعمال کر سکتے ہیں۔

* آیت شفاء (درجہ اول) * حصار کا خاص عمل * دعائے حزب البحر * دعائے حزب النصر * لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا عمل * منزل (درجہ اول) * سورۃ الناس کا عمل * تسخیر کا خاص عمل * درودِ خضری کا عمل * سورۂ یٰسین کا عمل * سورۂ واقعہ کا خاص عمل برائے فراخی رزق * ہاتھ کے ذریعے روحانی تشخیص کا عمل * آیت کریمہ (درجہ اول) * حسبنا اللہ ونعم الوکیل * کینسر سے نجات کا خاص عمل (درجہ اول) * تسخیر ومحبت کا خاص عمل * سورۂ اخلاص * سورۂ قریش * افحسبتم ...... الرّٰحمین (سورۂ مومنون کی آخری آیات)

اعمال کی تفصیل کے لئے دیئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/free/peoples/awam.htm

بغیر فیس اعمال منگوانے سے پہلے دی گئی شرائط وہدایات اچھی طرح پڑھنے کے بعد اعمال منگوائیں۔ شرائط وہدایات کی تفصیل کے لئے دیئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/free/peoples/terms.htm

مفت روحانی خدمات برائے نومبر 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

ہر قسم بداثرات سے کمرے کی روحانی حفاظت

اگر کوئی بداثرات (جادو، جنات، شیاطین، نظر بد وغیرہ) کا شکار ہو تو وہ مریض جہاں سوتا ہے، رہتا ہے...... اس کمرے کی حفاظت بہت ضروری ہوتی ہے جس کیلئے خاص قرآنی تعویذ حفاظت حاصل کریں۔

جوڑوں کے درد سے نجات

جوڑوں کے درد سے نجات کا خاص تعویذ۔ یہ تعویذ محدود تعداد میں دستیاب ہیں (صرف خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے)۔

دکان کی ترقی کے لیے

اگر دکان کی ترقی چاہتے ہیں تو یہ خاص نورانی تعویذ، دکان پر آویزاں کرنے کے لیے حاصل کریں۔

دشمن مغلوب ہو

جس کا کوئی دشمن ہو اور اس کے سامنے آنا جانا ہو اور وہ تنگ کرتا ہو تو اس خاص تعویذ کو اپنے پاس رکھنے سے دشمن مغلوب ہو جائے گا اور تنگ نہیں کرے گا، ان شاء اللہ۔

کسی کو جن لپٹ گیا ہو

اگر کسی کو جن لپٹ گیا ہو اور اس کو تنگ کرتا ہو تو خاص نقش کو پہننے سے جن پیچھا چھوڑ دے گا، ان شاء اللہ۔

برکت کے لیے

جس چیز میں بھی برکت مطلوب ہو، اس خاص نقش کو اس چیز میں رکھ دی جائے۔ ان شاء اللہ برکت حاصل ہوگی۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (مدیر اعلیٰ خزینہ روحانیات)

بہنوئی... بہن اور بچوں سے محبت کرے

سوال السلام علیکم حضرت! میری بہن کی دو بیٹیاں تھیں۔ اب تیسری بھی ہو گئی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کے شوہر اُن کو بہت پریشان کر رہے ہیں۔ دوسری عورتوں کے پاس جانے لگے ہیں۔ اور اپنی بیوی سے جھگڑا کرتے رہتے ہیں۔ گھر سے نکالنے کی دھمکی دیتے ہیں۔

آپ کوئی ایسی دعا یا تعویذ بتا دیجئے کہ سدھر جائیں۔ برے کام چھوڑ دیں اور اپنی بیوی سے محبت سے پیش آئیں۔ غلط عورتوں کے پاس نہ جائیں۔ اپنی بچیوں سے بھی محبت پیار کریں۔ (پوشیدہ، انڈیا)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ ایک عمل آپ کو دے رہا ہوں۔ اس کو اکیس (21) دن کروا کر اطلاع کریں۔ عمل یہ ہے: بہن ایک (1) بار مکمل وضو کر لیں۔ پھر ایک (1) برتن لے کر دوبارہ وضو کے طریقے پر عمل کریں، اس طرح کریں کہ مستعمل پانی برتن میں جمع ہو جائے۔ سر کا مسح نہیں کرنا اور ناک میں پانی نہیں ڈالنا اور نہ ہی وضو کی نیت کرنی ہے۔ اس مستعمل پانی پر ایک سو ایک (101) بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کیا جائے۔ اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف۔ یہ پانی شوہر کو پلایا جائے۔ فوری نتیجہ سامنے آتا ہے۔ روزانہ ایک (1) ہفتہ لگاتار طالب یہ عمل کرتی رہیں۔ پھر حالات دیکھتے ہوئے تبدیلی کر سکتی ہیں۔ روزانہ کی جگہ ایک (1) بار تیار کیا ہوا پانی تین (3) دن پلائیں۔ اور اگر تھوڑا سا معاملہ ہو تو ایک (1) بار کا تیار کیا ہوا پانی ایک (1) ہفتہ پلائیں۔

فی الحال یہ عمل کریں تا کہ آپ کے بہنوئی کو آپ کی بہن کی طرف رغبت ہو، محبت ہو۔ اس کے بعد دوسری عورتوں کی طرف جانے سے روکنے والے کام کی طرف توجہ دیجئے گا۔ اس کی ایک نفسیاتی وجہ ہے۔ مرد نے تعلق تو رکھنا ہے۔ اگر وہ اپنی بیوی سے ناراض ہو گا تو دوسری طرف جائے گا۔ اگر دوسری طرف سے چھڑائیں گے تو جب وہ بیوی کو دیکھے گا تو بیوی کی برائی اور نفرت تو دل میں ہے، وہ تیسری طرف جائے گا۔ اس لیے پہلے اس کے دل میں نرمی پیدا کی جائے تا کہ وہ جب دوسری عورت کو چھوڑ کر بیوی کو دیکھے تو اس کے پاس واپس آئے۔

بیٹے پر نظرِ بد کے اثرات

سوال میرے بیٹے کا مسئلہ ہے۔ اس کی عمر ابھی پانچ سال ہے۔ آج کل اس کی طبیعت میں بہت بے چینی ہے۔ رات کو نیند بھی نہیں آتی۔ اکثر جمعرات کے دن سر درد ہوتا ہے۔ مہربانی فرما کر بتائیں کہ کیا مسئلہ ہے اور اس کا حل کیا ہے؟ (ف، لاہور)

جواب آپ کے بیٹے پر نظر بد کے اثرات ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آپ بچے کی حفاظت کا خیال نہیں رکھتیں اور نہ ہی باقاعدگی سے نظر اتارتی ہیں۔ یاد رکھیں! بچوں کے روزمرہ کے 70% سے زیادہ مسائل ''نظرِ بد'' کی ہی وجہ سے ہوتے ہیں۔

آپ ثابت لال مرچوں والا عمل کریں۔ ان شاء اللہ اس سے نظر اتر جائے گی۔ روزانہ سات (7) ثابت لال مرچیں لیں۔ ہر مرچ پر سات (7) بار سورۂ قلم کی آخری دو (2) آیات پڑھ کر دم کریں۔ پھر بچے کو لٹا کر اس پر سے سات (7) بار واریں۔ الٹی گھڑی کی سمت میں۔ پھر ان کو جلا دیں۔ جلنے کے دوران یا جلنے کے بعد بو یا دھسک آتی ہے۔ اگر اس دوران آئے تو نظر اترنے کی نشانی ہے۔ اگر بعد میں آئے تو عمل مزید کریں۔ اور اگر بالکل نہ آئے تو اس وقت تک کرتی رہیں جب تک نہ اترے۔

ساتھ ہی روزانہ صبح و شام تین تین (3،3) بار معوذتین نظر اترنے کی نیت سے بچے پر دم کریں۔

نظر بد کے اثرات دور کرنے کے تعویذات روحانی دکان سے منگوا لیں۔ رابطہ نمبر 03204312272۔

قصیدۂ غوثیہ مع ترجمہ

صاحبزادہ فقیر احمد رضا قادری سروری (لاہور)

سَقَانِي الْحُبُّ كَاسَاتِ الْوِصَالِ

عشق ومحبت نے مجھے وصل کے پیالے پلائے

فَقُلْتُ لِخَمْرَتِي نَحْوِي تَعَالِ

پس میں نے اپنی شراب معرفت سے کہا کہ میری طرف آ

سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِي فِي كُؤُوسٍ

پیالوں میں ''بھری ہوئی'' وہ شراب میری طرف دوڑی

فَهِمْتُ بِسُكْرَتِي بَيْنَ الْمَوَالِي

پس میں اپنے احباب کے درمیان نشۂ شراب معرفت سے مست ہوگیا

فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْأَقْطَابِ لُمُّوا

میں نے تمام اقطاب کو کہا کہ آپ بھی عزم کرو

بِحَالِي وَادْخُلُوا أَنْتُمْ رِجَالِي

اور میرے حال میں داخل ہوجاؤ کیونکہ آپ میرے رفقاء ہیں

وَهُمُّوا وَاشْرَبُوا أَنْتُمْ جُنُودِي

ہمت اور مستحکم ارادہ کرو اور جام معرفت پیو کہ تم میرے لشکری ہو

فَسَاقِي الْقَوْمِ بِالْوَافِي مَلَالِي

ساقی قوم نے میرے لئے لبالب جام بھر رکھا ہے

شَرِبْتُمْ فُضْلَتِي مِنْ بَعْدِ سُكْرِي

میرے مست ہونے کے بعد تم نے میری بچی ہوئی شراب پی

وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّي وَاتِّصَالِي

اور تم میرے بلند مرتبے اور قرب کو نہ پا سکے

مَقَامُكُمُ الْعُلٰى جَمْعًا وَّلٰكِنْ

اگرچہ آپ سب کا مقام بلند ہے پھر بھی

مَقَامِي فَوْقَكُمْ مَا زَالَ عَالِي

میرا مقام آپ کے مقام سے بلند تر ہے اور ہمیشہ بلند رہے گا

أَنَا فِي حَضْرَتِ التَّقْرِيبِ وَحْدِي

میں بارگاہ قرب الٰہی میں یکتا اور یگانہ ہوں

يُصَرِّفُنِي وَحَسْبِي ذُو الْجَلَالِ

اللہ تعالٰی مجھے ایک درجے سے دوسرے اعلیٰ درجے کی طرف پھیرتا ہے اور وہ مجھے کافی ہے

أَنَا الْبَازِيُّ أَشْهَبُ كُلِّ شَيْخٍ

میں باز ہوں تمام شیوخ پر غالب ہوں

وَمَنْ ذَا فِي الرِّجَالِ أُعْطِي مِثَالِي

مردان خدا میں سے کون ہے جس کو میرے جیسا مرتبہ عطا کیا گیا ہے

كَسَانِي خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ

اور اللہ تعالٰی نے مجھے ''ارادۂ مستحکم'' کے بیل بوٹے والی خلعت پہنائی

وَتَوَّجَنِي بِتِيجَانِ الْكَمَالِ

اور تمام کمالات کے تاج میرے سر پر رکھے

وَأَطْلَعَنِي عَلٰى سِرٍّ قَدِيمٍ

اللہ تعالٰی نے مجھے اپنے راز قدیم پر مطلع کیا

وَقَلَّدَنِي وَأَعْطَانِي سُؤَالِي

اور مجھے عزت کا ہار پہنایا اور جو کچھ میں نے مانگا مجھے عطا کیا

وَوَلَّانِي عَلَى الْأَقْطَابِ جَمْعًا

اللہ تعالٰی نے مجھے تمام اقطاب پر حاکم بنایا ہے

فَحُكْمِي نَافِذٌ فِي كُلِّ حَالِ

پس میرا حکم ہر حالت میں جاری ہے

فَلَوْ أَلْقَيْتُ سِرِّي فِي بِحَارٍ

اگر میں اپنا راز دریاؤں پر ڈالوں

لَصَارَ الْكُلُّ غَوْرًا فِي الزَّوَالِ

تو تمام دریاؤں کا پانی زمین میں جذب ہو کر خشک ہوجائے

وَلَوْ أَلْقَيْتُ سِرِّي فِي جِبَالٍ

اگر میں اپنا راز پہاڑوں پر ڈالوں

لَدُكَّتْ وَاخْتَفَتْ بَيْنَ الرِّمَالِ

تو وہ ریزہ ریزہ ہو کر ریت میں ایسے مل جائیں کہ ان میں اور ریت میں فرق نہ رہے

وَلَوْ اَلْقَيْتُ سِرِّيْ فَوْقَ نَارٍ

اگر میں اپنا راز آگ پر ڈالوں

لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِ

تو میرے راز سے بالکل سرد ہو جائے اور اس کا نام ونشان باقی نہ رہے

وَلَوْ اَلْقَيْتُ سِرِّيْ فَوْقَ مَيْتٍ

اگر میں اپنے راز کو مردہ پر ڈالوں

لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰى تَعَالِ

تو وہ فوراً اللہ کی قدرت سے اٹھ کھڑا ہو

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ

مہینوں اور زمانوں میں سے

تَمُرُّ وَتَنْقَضِيْ اِلَّا اَتَالِ

جو گزر چکے ہیں وہ میرے پاس حاضر ہوتے ہیں

وَتُخْبِرُنِيْ بِمَا يَاْتِيْ وَيَجْرِيْ

اور وہ مجھ کو گزرے ہوئے اور آنے والے واقعات کی خبر

وَتُعْلِمُنِيْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِ

اور اطلاع دیتے ہیں تو مجھ سے جھگڑا کرنے سے باز آ

مُرِيْدِيْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ

اے میرے مرید! سرشار عشق الٰہی ہو اور خوش رہ اور بے باک ہو اور خوشی کے گیت گا

وَافْعَلْ مَا تَشَآءُ فَالْاِسْمُ عَالِ

اور جو چاہے کر کیونکہ میرا نام بلند ہے

مُرِيْدِيْ لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّيْ

اے میرے مرید! کسی سے مت ڈر اللہ تعالےٰ میرا پروردگار ہے

عَطَانِيْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالِ

اس نے مجھے وہ بلندی عطا فرمائی ہے کہ جس سے میں نے اپنی مطلوبہ آرزوؤں کو پالیا ہے

طُبُوْلِيْ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ

میرے نام کے ڈنکے زمین وآسمان میں بجائے جاتے ہیں

وَشَاؤُسُ السَّعَادَةِ قَدْ بَدَالِ

اور نیک بختی کے نگہبان ونقیب میرے لئے ہوتے ہیں

بِلَادُ اللّٰهِ مُلْكِيْ تَحْتَ حُكْمِيْ

اللہ تعالےٰ کے تمام شہر میرا ملک ہیں اور ان پر میری حکومت ہے

وَوَقْتِيْ قَبْلَ قَلْبِيْ قَدْ صَفَالِ

اور میرا وقت میرے دل کی پیدائش سے پہلے ہی صاف تھا

نَظَرْتُ اِلٰى بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا

اور میں نے خدائے تعالےٰ کے تمام شہروں کی طرف دیکھا

كَخَرْدَلَةٍ عَلٰى حُكْمِ اتِّصَالِ

تو وہ سب مل کر رائی کے دانہ کے برابر تھے

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰى صِرْتُ قُطْبًا

میں علم پڑھتے پڑھتے قطب ہو گیا

وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَّوْلَى الْمَوَالِ

اور میں نے خداوند تعالیٰ کی مدد سے سعادت کو پالیا

فَمَنْ فِيْ اَوْلِيَآءِ اللّٰهِ مِثْلِيْ

تو اولیاء اللہ میں سے کون میری مثل ہے

وَمَنْ فِي الْعِلْمِ وَالتَّصَرُّفِ حَالِ

اور کون میرے علم اور تصرف میں میرے حال کو پہونچا ہے

رِجَالِيْ فِيْ هَوَاجِرِهِمْ صِيَامٌ

میرے مرید موسم گرما میں روزہ رکھتے ہیں

وَفِيْ ظُلَمِ اللَّيَالِيْ كَاللَّآلِ

اور راتوں کی تاریکیوں میں موتیوں کی طرح چمکتے ہیں

وَ کُلُّ وَلِیٍّ لَّہٗ قَدَمٌ وَّاِنِّیْ

ہر ایک ولی کے لئے ایک قدم یعنی مرتبہ ہے اور میں

عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم پر ہوں جو آسمانِ کمال کے بدرِ کامل ہیں

نَبِیٌّ ھَاشِمِیٌّ مَکِّیٌّ حِجَازِیٌّ

وہ نبی ہاشمی، مکی، اور حجازی

ھُوَ جَدِّیْ بِہٖ نِلْتُ الْمَوَالِ

میرے جدِ پاک ہیں، انہیں کی وساطت سے میں نے بزرگی پائی

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ

اے میرے مرید! تو کسی چغل خور شریر سے نہ ڈر کیونکہ میں

عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

لڑائی میں اولوالعزم اور دشمن کو قتل کرنے والا ہوں

اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیُ الدِّیْنِ لَقَبِیْ

میں گیلان کا رہنے والا اور محی الدین میرا لقب ہے

وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ

اور میرے نشان پہاڑوں کی چوٹیوں پر لہرا رہے ہیں

اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمُخْدَعُ مُقَامِیْ

میں حضرت امام حسن کی اولاد سے ہوں اور میرا مرتبہ مخدع ''خاص مقام'' ہے

وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالِ

اور میرے قدم اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہیں

وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْھُوْرُ اِسْمِیْ

اور عبد القادر میرا مشہور و معرف نام ہے

وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالِ

اور میرے دادا و نانا صلی اللہ علیہ وسلم چشمہ کمال کے مالک ہیں

محمد شبیر (اسلام آباد)

جسمانی امراض کے روحانی علاج

ذیابیطس کے لیے وظیفہ

یہ وظیفہ شوگر کے ان مریضوں کے لیے ہے جو انسولین پہ ہوں یا جن کے زخم ٹھیک نہیں ہو رہے ہوں یا جن کو نیا شوگر لگا ہو، جو میڈیسن پر ہوں اور شوگر کنٹرول میں نہیں آ رہا ہو تو یہ وظیفہ لازم پڑھیں۔ وظیفے کی ترتیب یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ یہ اکیس (21) دفعہ پڑھنا ہے، اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یہ اکیس (21) دفعہ پڑھنا ہے، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یہ بھی اکیس (21) دفعہ پڑھنا ہے، اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یہ بھی اکیس (21) ہے۔ یہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھیں۔ یقین کے ساتھ، بڑے اعتماد کے ساتھ پڑھیں اور چالیس (40) دن مسلسل پڑھیں، ناغہ نہ کریں اور اس کے بعد آپ دیکھیں، ان شاء اللہ شوگر کنٹرول میں آ جائے گا۔

چہرے اور جلد کی خوبصورتی کا وظیفہ

یہ وظیفہ ان لوگوں کے لئے ہیں جن کے چہرے پر کیل مہاسے ہوں، دانے ہوں تو وہ یہ وظیفہ پڑھ سکتے ہیں۔ اس سے چہرے کی رونق بحال ہو جاتی ہے چہرہ تر و تازہ رہتا ہے اور دماغ بھی تر و تازہ رہے، ذہن بھی خوش رہتا ہے اور دل بھی خوش رہتا ہے۔ تو اس وظیفے کو پانچ وقت کی نماز کی پابندی کے ساتھ، کامل یقین اور اعتماد کے ساتھ پڑھیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں بعد آپ لوگوں کو فائدے نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ وظیفہ کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد ایک دفعہ درود ابراہیمی، گیارہ (11) دفعہ سورۂ نور کی آیت نمبر 35 اور پھر ایک دفعہ درود ابراہیمی۔ یہ پانی پہ بھی دم کریں، اپنے ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ چہرے پر مل لیں اور سینے پہ بھی دم کریں اور ان ہاتھوں کو اپنے پورے بدن پر مل لیں۔ یہ ترتیب فجر کی نماز کے بعد بھی کرنی ہے اور عشاء کی نماز کے بعد بھی کرنی ہے۔ دن میں یہ دو دفعہ پڑھنا ہے۔

روحانی دکان کے تیار روحانی علاج

تیار روحانی علاج کے ساتھ مکمل طریقہ استعمال دیا جاتا ہے۔ مریض اور روحانی معالجین اعتماد سے منگوا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

QI-DS01 جادو اور آسیب کا علاج — ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے جادو اور جنات کا تیار روحانی علاج۔ یہ علاج خاص کر ان مریضوں کے لیے ہے، جن پر حاضری ہوتی ہے یا اس کے جسم پر بہت زیادہ اثر ہو۔ ان شاءاللہ، تین (3) ہفتے میں جادو اور آسیب سے نجات مل جائے گی۔

QI-DS03 کینسر کا روحانی علاج — ہدیہ 9000 روپے

ہر طرح کے کینسر کے لیے چالیس (40) یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ ان شاءاللہ، مریض کو مکمل شفاء ہوگی یا بہت حد تک وہ کینسر کی تکلیف سے نجات پالے گا۔

QI-DS09 ہر قسم جادو، جنات، شیاطین، حادثات وغیرہ سے اپنی اور اہل وعیال کی حفاظت — ہدیہ 500 روپے

گھر کے جتنے بھی افراد ہوں، سب کے لیے خاص تعویذات اور وظائف پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ پابندی سے اس علاج کو کرنے سے ہر قسم کے بد اثرات اور حادثات سے حفاظت رہے گی۔

NI-DS02 زوجین (شوہر بیوی) میں محبت — ہدیہ 1600 روپے

شوہر بیوی کے درمیان ناچاقی / نفرت / غصہ ختم کرنے اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے خاص نورانی علاج حاصل کریں۔ یہ علاج ان شوہر بیوی کے لیے مفید ہے، جو ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ ان کا آمنا سامنا ہوتا رہتا ہے۔ ان شاءاللہ، مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔

بزرگان دین سے منسوب تعویذات

بزرگان دین، علمائے کرام، مشائخ عظام کے تجویز کردہ مختلف مقاصد کیلئے تیر بہدف، مجرب، زوراثر تعویذات۔ درج ذیل بزرگان دین کے تعویذات دستیاب ہیں۔ صرف بزرگوں کے نام دیں گئے ہیں۔ تعویذات کی مکمل تفصیل پی ڈی ایف میں دی گئی ہے۔

* شیخ العالمین استاذ العلماء والعاملین عارف باللہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی قادری نور اللہ مرقدہ * امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ * شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ * شاہ رفیع الدین نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم، دار العلوم دیوبند) * حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ * حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نور اللہ مرقدہ (اوّلین صدر مدرس، دار العلوم دیوبند) * حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نور اللہ مرقدہ * حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ (سرخیل اعظم مسلک علماء دیوبند) * ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نور اللہ مرقدہ (سابق محدث دار العلوم دیوبند) * حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الحدیث، دار العلوم دیوبند) * حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن نور اللہ مرقدہ (سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند) * حضرت مولانا یٰسین نور اللہ مرقدہ (سابق مدرس، دار العوم دیوبند) * حضرت مولانا اعزاز علی نور اللہ مرقدہ (سابق شیخ الادب والفقہ دار العلوم دیوبند) * عارف باللہ حضرت مولانا عابد حسین نور اللہ مرقدہ (یکے از بانیان دار العلوم دیو بند) * حضرت مولانا قاری طیب نور اللہ مرقدہ (سابق مہتمم دار العلوم دیوبند) * مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نور اللہ مرقدہ * حضرت مولانا احمد رضا خان نور اللہ مرقدہ * حافظ الحدیث حضرت مولانا عبد اللہ درخواستی نور اللہ مرقدہ * حضرت مولانا سید زوّار حسین شاہ نور اللہ مرقدہ * حضرت مولانا محمد ہاشم نور اللہ مرقدہ (والد محترم حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ) * حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3nTdnXj https://bit.ly/3MuuOrq

دو افراد میں لڑائی کروانا

ملازم حسین (اسلام آباد)

ترکیب: یہ نقش دو (2) عدد تحریر فرمائیں۔ پھر دونوں نقوش کو دو (2) عدد کالے بکرے کی سریوں کے منہ میں رکھو۔ اور قبرستان میں دو (2) پرانی قبروں کے درمیان ایک (1) بڑا گڑھا کھودو۔ اور سریوں کو ایسے رکھو جیسے دو (2) بکرے آپس میں لڑ رہے ہوتے ہیں یعنی سینگ آپس میں ٹکرائے ہوں۔ پھر مٹی برابر کردو۔ اس کے بعد روزانہ دن کے ۱۲ بجے اسی جگہ پر تین سو تیرہ (313) مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔ پڑھ کر وہاں سے الٹے ہاتھ سے تھوڑی سی مٹی اٹھاؤ۔ بغیر پیچھے دیکھے وہاں سے آ کر ان کی گزرگاہ یا جائے نشست میں ڈال دو اور وہاں تماشہ دیکھنا نہ بھولنا۔ پہلے ہی دن لڑائی وہ بھی خونی قسم کی ہوجاتی ہے۔ اگر ایک (1) دن میں نہ ہو تو تین (3) یوم کریں۔ ورنہ سات (7) یوم میں تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ نہ ہو۔

نقش مکرم یہ ہے:

۲۴۵ ۷۸۶ ۱۰۱

۱۴۶۷	۱۴۸۰	۱۴۷۷	۱۴۷۴
۱۴۷۸	۱۴۷۳	۱۴۶۸	۱۴۷۹
۱۴۷۲	۱۴۷۵	۱۴۸۲	۱۴۶۹
۱۴۸۱	۱۴۷۰	۱۴۷۱	۱۴۷۶

۳۸۲ البغض والعداوت فلاں بن فلاں علی البغض ۳۱۹
فلاں بن فلاں الوحا الساعۃ الیوم بحق ایں نقش

عمل یہ ھے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ العجل الوحا الساعة الیوم۔

بری موت سے حفاظت

سلیمان سبحانی

حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عمر میں زیادتی اور اس کی رزق میں کشادگی کر دی جائے اور اس کو بُری موت سے محفوظ کر دیا جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور صلہ رحمی کرے۔“

میرے پیارے آقا ﷺ کے پیارے دیوانو! اس حدیث پاک میں عمر میں زیادتی اور رزق میں برکت کے ساتھ بری موت سے حفاظت کا عمل بتایا جا رہا ہے۔ وہ یہ ہے کہ رشتہ داروں سے حسن سلوک کیا جائے تو اللہ عزّوجل بری موت سے محفوظ رکھے گا۔ ہم نے تو بری موت مرنے والوں کا حال دیکھا ہے کہ کبھی با آسانی روح نہیں نکلتی کبھی چہرہ مسخ ہو جاتا ہے۔ اللہ عزّوجل اپنے حبیب ﷺ کے صدقہ و طفیل ہم سب کو بری موت سے بچائے۔

میرے پیارے آقا ﷺ کے پیارے دیوانو! اگر اچھی موت مرنے کی تمنا ہے تو ہمیں رشتہ داروں سے حسن سلوک کرنا ہوگا۔ اللہ عزّوجل ہم سب کو بری موت سے بچائے۔ اٰمِیْن بِجَاهِ النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ عَلَیْهِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِیْم۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبیٔ رحمت ﷺ کو فرماتے سنا کہ بیشک صدقہ اور صلہ رحمی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ عمر میں زیادتی فرماتا اور بری موت سے محفوظ فرماتا ہے اور دُکھ، مصیبت کو دور فرماتا ہے۔

میرے پیارے آقا ﷺ کے پیارے دیوانو! صدقہ اور صلہ رحمی کے عوض میں عمر میں زیادتی ہوتی ہے اور بری موت سے حفاظت کے ساتھ، دکھ اور مصیبت کی دوری کا علاج بھی ہے۔ پتہ چلا کہ عمل ایک ہے لیکن فوائد بے شمار۔ آج ہی عہد کر لو کہ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کیا کریں گے۔ ربِّ قدیر ہم سب کو توفیق عطا فرمائے۔

چہل کاف کے مجرب اعمال

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہٗ (کراچی)

زیادتی دودھ مویشیاں

جانور دودھ نہ دیتا ہو یا تھوڑا دیتا ہو، گیارہ (11) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پانی جانور کے منہ، سر اور نتھنوں پر ملیں اور باقی پانی پلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا اور جانور سرکشی بھی نہ کرے گا۔

سلامتی کشتی و سفر کیلئے

کسی بھی سفر سے پہلے اکیس (21) مرتبہ چہل کاف اس طرح پڑھیں: گھر سے نکلتے وقت سات (7) مرتبہ، سواری میں سوار ہو کر سات (7) مرتبہ اور دورانِ سفر جب سفر شروع ہو سات (7) مرتبہ پڑھیں۔ اس سفر میں ان شاء اللہ کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔ اگرچہ کسی مخالف نے سفر میں ظاہری یا روحانی طریقے سے نقصان پہنچانے کا پکا انتظام ہی کیوں نہ کر لیا ہو۔ ان شاء اللہ، دورانِ سفر ہمہ قسم کے حادثات و بیماری سے بھی حفاظت رہے گی۔

دفع آفت

صبح و شام سات سات (7) مرتبہ بوقت طلوع و غروب آفتاب پڑھ کر خود پر دم کیا کریں۔

راہ گم شدہ

اگر راستہ گم ہو گیا ہو تو اکہتر (71) مرتبہ پڑھ کر چاروں سمت دم کریں اور چل پڑیں۔ غیب سے راستے کی راہنمائی ہوگی اور جس طرف جائیں گے، منزل اسی طرف آئے گی۔

دفع شر جمیع مخلوق

شیر کی کھال پر چہل کاف کا نقش معشر وضع کر کے لکھیں۔ اس کے چاروں طرف چہل کاف باموکل تحریر کریں۔ اس نقش کو سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ ان شاء اللہ، ہمہ قسم کے شرور سے محفوظ ہو جائیں گے۔ جادو، جنات، نظرِ بد اور مہلک امراض سے نجات حاصل ہو گی۔ کسی جادوگر کا وار اور حاسد کی نظر کا ہرگز ہرگز اثر نہ ہوگا۔

گھریلو جھگڑا ختم کرانے کیلئے

چہل کاف کا نقش مخمس لکھ کر ایسے کمرے میں جہاں تمام افراد جمع ہوتے ہوں، وہاں پنکھے پر لگا دیں۔ جب گھر کے افراد وہاں بیٹھیں تو پنکھا چلا دیا کریں۔ ان افراد میں چاہے لاکھ اختلافات ہوں، ختم ہو جائیں گے۔

خوفِ لشکر و دشمن

تیر، تلوار یا خنجر پر دم کر کے دشمن کی طرف پھینک دیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو جس راستے میں دشمن آ رہا ہے، اس راستے میں پھینک دیں یا پستول پر دم کر کے دشمن کے راستے میں زمین پر گولی مار دیں۔ دشمن مقہور ہوگا۔ لشکر پر فتح حاصل ہوگی۔

افزونئ رزق

نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ روزانہ روٹی پر لکھ کر کھایا کریں اور ہر نماز کے بعد تین (3) مرتبہ پڑھا کریں۔ رزق میں بے انتہا برکت ہو گی۔ حتیٰ کہ اگر روزگار پر کسی قسم کی بندش ہوگی تو وہ بھی کھل جائے گی۔

بخیر و عافیت منزل تک پہنچنے کیلئے

سفر پر نکلنے سے قبل سات (7) مرتبہ پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ بخیر و عافیت منزل تک پہنچ جائیں گے۔

برائے عداوت

دو (2) پرانی شکستہ قبروں کے درمیان بیٹھ کر ایک پر ایک فریق کا اور دوسری قبر پر دوسرے فریق کا نام لوہے کی چھری سے لکھیں۔ دونوں کے درمیان بیٹھ کر اکتالیس (41) مرتبہ چہل کاف پڑھیں۔ ہر بار فریقین کا نام لیں اور چھری کو زمین پر مارتے رہیں۔ تین (3) روز ایسا ہی کریں اور آخری روز چھری دونوں قبروں کے درمیان زمین میں گاڑ دیں۔ چوبیس گھنٹے سے قبل دونوں میں تفریق ہو جائے گی۔

عملیات میں اجازت کی اہمیت

مولانا حافظ علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

اکابر علمائے طلسمات ومخفیات اور ماہرین روحانیات وعملیات نے چلہ کشی کے حقائق پر مشتمل وظائف ودعوات کے سلسلہ میں جملہ قسم کے اعمال اوران کی بجا آوری کے لیے جن شرائط وآداب کو ضروری قرار دیا ہے، ان میں اجازۃِ عمل یعنی عمل کے لیے کسی ماہر عامل کی اجازت کو نہایت لازمی اور شرطِ اول کے طور پر بیان فرمایا ہے۔ اساتذہ سے راہنمائی اور اجازت حاصل کرلینے کے بعد طالب کامیابی وکامرانی حاصل کرنے کے علاوہ رجعت سے بھی محفوظ رہتا ہے اور بے استاد ہمیشہ ناکام ونامراد رہتا ہے۔

رُوحانی علوم وفنون ہمارے عظیم بزرگوں کا عظیم ورثہ ہیں۔ حدیث پاک ہے کہ ''اَنَا مَدِیۡنَۃُ الۡعِلۡمِ وَ عَلِیٌّ بَابُھَا'' کہ میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ مدینۃ العلم کی شانِ اقدس ومقدس یہ ہے کہ آپ کے غلاموں کے غلاموں کے علوم غرناطہ کی لائبریری سے یورپ کے ممالک میں پہنچے تو سائنسی کمالات کا ظہور شروع ہوگیا۔ آپ کے علوم اسرار کی تجلیات قلوبِ صالحین پر پڑیں تو جنیدؒ وشبلیؒ اور امام بونیؒ جیسے علمبردارن رُوحانیت کا سکہ جاری ہوا۔ آپ کے کلامِ بلاغت نظام کے اثرات رازیؒ اور غزالیؒ پر پڑے تو یونانی اور غیر اسلامی فلسفے کی دھجیاں فلک بسیط پر اُڑنے لگیں۔ المختصر یہ ہے کہ کوئی علم ایسا نہیں جو ان کی وساطت کے بغیر دوسروں کی طرف منتقل ہوا ہو۔

آج کے سائنسی اور مادی دور میں پڑھا لکھا طبقہ جو ہر بات کو سائنسی اور مادے کی نظر سے دیکھ کے تجربے اور مشاہدے کے بغیر کسی بھی صورت تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہے۔ اگر میں کہوں کہ سائنس کی جہاں انتہاء ہوتی ہے، وہاں سے رُوحانیت اور رُوحانی علوم وفنون کی ابتدا ہوجاتی ہے۔ جہاں روحانیت اپنا کمال دکھاتی ہے، وہاں سائنس انگشت بدنداں ہوجاتی ہے۔ حتی کہ سائنس اپنے آپ کو معذور سمجھتی ہے۔ سائنس کی بنیاد مفروضہ، تجربہ اور مشاہدہ پر ہے۔ جب کہ رُوحانیت کی بنیاد ایمان یقین اور اعتقاد پر ہے۔ رُوحانی علوم میں اَن دیکھی چیزوں اور مافوق الفطرت عجائبات ومشاہدات سے ایک خاص تعلق ورابطہ پیدا ہوتا ہے۔

الہامی کلام کی تصدیق کرنے والے حقیقی معاملات صرف ریاضت کرنے والوں کو ہی مشاہدہ ہوتے ہیں۔ مادی علوم کی دنیا رُوحانیات اور اَن دیکھی چیزوں سے نابلد ہے۔ اس دنیا کے باسیوں کی نظر میں ارواح اور اَن دیکھی اشیاء ماسوائے وہم وگمان کے کچھ نہیں ہے۔ اور رُوحانی علوم کی دنیا میں اس مادی دنیا کا ہر نظریہ وہم وگمان ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی قدرت اور اقتدار وگرفت کا اندازہ صرف خالق ارض وسماء ہے۔ یورپ امریکہ تک کے صاحبانِ دانش نے رُوحانی علوم کو تسلیم کرلیا ہے۔ اور وہ سفلی اور نورانی و رُوحانی علوم سے آگاہ ہوچکے ہیں۔ اور اَب یورپ، امریکہ میں جسمانی امراض کی طرح روحانی امراض کا باقاعدہ رُوحانی علاج رواج پا رہا ہے۔

قرآن پاک کی سورہ آل عمران کی آیت نمبر 195 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

''اَنِّیۡ لَاۤ اُضِیۡعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنۡکُمۡ مِّنۡ ذَکَرٍ اَوۡ اُنۡثٰی'' ترجمہ: کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔

بقول شفیع الدین نظامی

شکوہ ہے نارسائی کا تیری زباں پہ کیوں؟
میزانِ دِل میں تول کر اپنا یقین دیکھ

اور جو شخص عمل کرتا ہے اور پھر شک لاتا ہے اپنے دِل میں، تو عمل کی تاثیر سے محروم رہتا ہے۔ عمل اُسے نفع نہیں دیتا، یقین واعتقاد کامل ہی ایمان کا دوسرا نام ہے۔ جو لوگ عملیات ووظائف میں ناکامی کا رونا روتے ہیں۔ ان میں بے یقینی، بے اعتقادی اور شک کا عنصر ہوتا ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔

''جو کچھ انسان اپنے دِل میں پختہ طور پر سوچتا اور تصور کرتا ہے وہی بن جاتا ہے۔''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔

''جب تم دُعا کرو، تو یقین رکھو کہ وہ قبول ہوگئی ہے اور وہ قبول ہو جائے گی۔''

صحیح مسلم شریف میں یہ الفاظ ہیں ''کہ اپنے رَب سے بڑے وثوق کے ساتھ سوال کرو، کیونکہ اس کے سامنے کوئی چیز بڑی نہیں۔''

حضرت رسول مقبول محمد ﷺ کا فرمان مبارک ہے کہ تم میں سے کوئی دُعا نہ کرے جب تک کہ اسے اس کی قبولیت کا پورا یقین نہ ہو۔ یعنی اپنے عمل پر پورا پورا بھروسہ ہو۔ کامیابی اعمال کا یہی رازِ خاص ہے۔ مطابق حدیث ربانی: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں بندے کے گمان کے ساتھ ہوں۔ جیسا کہ وہ میرے ساتھ رکھے، پس جیسا چاہے گمان رکھے، نتیجہ نیک کا نیک اور بد کا بد ہوگا۔

دنیا کا کوئی بھی علم سیکھنا ہو، پہلے ہمیں اپنے علم کی نفی کرنا ہوتی ہے۔ نفی سے مراد علم کا ختم کرنا نہیں ہے۔ مثلاً میں انگریزی نہیں جانتا۔ جب استاد کے سامنے دوزانو ہوتا ہوں تو استاد مجھے الف کی جگہ A پڑھاتا ہے اور باء کی جگہ B پڑھاتا ہے۔ تاء کی جگہ C پڑھاتا ہے۔ اگر میں بلا چون و چرا اُس استاد کے علم کا اثبات نہ کروں تو میں کبھی علم نہیں سیکھ سکتا۔ یہی صورت مادی علوم اور رُوحانی علوم کے سیکھنے میں مشترک ہے۔ غیب کی دنیا کے علوم یعنی رُوحانی علم سیکھنے میں مرحلہ یہ درپیش ہے کہ جو کچھ جانتا ہے اُس سے آگے بڑھنے میں اپنی سوچ کا عمل دخل رکھنا چاہتا ہے اور یہ بات قانون کے خلاف ہے۔ مثلاً بیس سال کا انسان!! بیس سال کے انسان کا مفہوم یہ ہے کہ وہ بیس سال کے شب و روز کے ماضی کا ریکارڈ ہے۔ یعنی ایک گریجویٹ انسان کے اوپر ماضی کے بیس سال محیط ہیں۔ ماضی کے بیس سال کو اگر ٹکڑے ٹکڑے کر کے شب و روز میں تقسیم کیا جائے تو 7300 دن رات بنیں گے۔ یعنی 7300 دن رات کے ماضی کے اوپر سے پھلانگ کر کوئی بچہ گریجویٹ بنتا ہے۔ اگر اس تقسیم کو تقسیم در تقسیم کر کے گھنٹوں میں شمار کیا جائے تو 1,75,200 گھنٹے کا ماضی غیب میں چھپا، تو آدمی گریجویٹ بنا۔ کوئی انسان اس دنیا سے پار دوسری دنیا کا ادراک کرنا چاہتا ہے اور وہاں کے علوم سیکھنا چاہتا ہے تو اُسے بیس سال کی عمر سے پہلے دن کے شعور میں واپس جانا پڑے گا۔ یعنی کوئی آدمی پردے میں چھپے ہوئے 1,75,200 گھنٹوں کو عبور کر کے اُس دنیا کا علم سیکھ سکتا ہے جس دنیا سے وہ اس دنیا یعنی عالم ناسوت میں آیا ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ جب ہم مادی علوم سیکھتے ہیں تو ہمارے پیش نظر ہوتا ہے کہ مادی علوم سیکھنے سے ہمارے اوپر آسائش و آرام کے دروازے کھل جائیں گے۔ دروازے کھلیں یا نہ کھلیں یہ بالکل الگ بات ہے۔ ساری دنیا امیر نہیں ہوتی اور دنیا کے سارے باسی غریب نہیں ہوتے۔ بیس سال کی عمر میں رُوحانی علوم سیکھنے کے لیے اصولاً ہمیں بیس سال پیچھے ماضی میں جانا پڑتا ہے۔ اگر ماضی کو عبور کر کے نومولود زندگی سے گزر کر دوسری دنیا میں داخل نہیں ہوا جائے تو نوعِ انسانی رُوحانی علوم نہیں سیکھ سکتی۔ مادی علوم سیکھنے میں وقت لگتا ہے۔ پیسے خرچ ہوتے ہیں۔ والدین کی توجہ درکار ہوتی ہے۔ اساتذہ کی شفقت شامل حال ہوتی ہے تب علم حاصل ہوتا ہے۔ تو کیا رُوحانی علوم بغیر محنت کے پل بھر میں سیکھے جاسکتے ہیں؟؟

دنیا کا ہر کام محنت اور انتھک کوشش سے ہوتا ہے، بشرطیکہ اساتذہ سے ہر ممکن شب و روز راہنمائی حاصل کی جائے۔ جب ساری دنیا کے کام اساتذہ سے راہنمائی حاصل کر کے سیکھے جاتے ہیں تو رُوحانی علوم بغیر اساتذہ کے کیسے سیکھے جاسکتے ہیں۔ محنت کوشش کریں اور اساتذہ سے اجازت اور راہنمائی حاصل کریں، ان شاء اللہ رُوحانی علوم میں آپ بلند پایہ مقام حاصل کرلیں گے۔ جس طرح زہر کھانے سے آدمی ہلاک ہوجاتا ہے مگر اسی زہر یعنی سم الفار کو حکماء کشتہ و مدبر کر کے انسانی زندگی کے لیے امرت بنادیتے ہیں۔ اسی طرح اساتذہ رُوحانی علوم میں اجازت یعنی راہنمائی کر کے طالب کے رُوحانی سفر کو منزل تک لے جاتے ہیں۔ بے استاد ہمیشہ ناکام و نامراد رہتا ہے۔ آخر میں جناب پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی دامت برکات کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جنہوں نے کامیاب آل پاکستان رُوحانی کنونشن کرایا اور ہم سب کو اس میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

حقائق صحت جدید جانیں ذرا ہٹ کے

سید زاھد حسین زیدی (بھکر)

اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ! لامحدود حمد وثناء صرف اللہ جل جلالہٗ کے لیے اور بے شمار درود وسلام سرور کونین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کے آل اہل بیت علیہم السلام اجمعین پر۔ ساتھ میں بے شمار دعائے رحمت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم السلام اجمعین کے لیے۔ اللہ جل جلالہٗ کے خاص فضل کرم عطاء مہربانی سے ”**حقائق صحت جدید جانیں ذرا ھٹ کے**“ کے عنوان سے تحریر حاضر ہے۔ الحمدُللہ سپریچوئل ھیلنگ ہوم ہر بار کی طرح اس بار بھی کچھ لایا ہے ذرا ہٹ کے۔ دوستو! یہ وہ باتیں ہیں جن کو سمجھ کر عمل کرنا آج کے اور آنے والے دور میں ہر فرد کے لیے بہت ضروری ہے۔ دوسرا یہ باتیں ان لوگوں کے لیے ہیں جو واقعی خود کو وقت کے مطابق چلانا چاہتے ہیں۔ خود کی زندگی کو آسان سے آسان کر کے صحت مند اور کامیاب جینا چاہتے ہیں۔ وہ افراد ہماری تحاریر سے دور رہیں جو فضول قسم کی اگر مگر چونکے چنانچے ایسے کیسے ویسے تیسے ناممکن ٹائپ کے الفاظ اپنی ڈکشنری میں رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ واہمات وسواس جن بھوت چڑیل پریاں جادو جیسی بکواسیات کے ہاتھوں اپنی زندگی اجیرن کیے ہوئے ہیں اور اس غلاظت سے نکلنا بھی نہیں چاہتے اور در در بھٹکنا اپنا مقدر خود لکھ کر بنا چکے ہیں۔ ہماری تحاریر ہر اس فرد کے لیے ہیں جو خود سمیت اپنے گھر، اپنے محلے، اپنے گاؤں، شہر، اپنے ملک کو دنیا کے بدلتی روش کے ساتھ ساتھ خوشحال، پُرامن، صحت مند اور کامیاب بنانا اور دیکھنا چاہتے ہیں اور اس سلسلہ میں رہتے وسائل کے ساتھ کام بھی کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے کہیں حدیث شریف کے متعلق پڑھا تھا اب حوالہ یاد نہیں ہے۔ ہمیں یاد آیا تو بتا دیں گے۔ اگر کسی کی نظر میں ہو تو ہم سب سے شیئر کر دے، ہم ممنون ہوں گے۔ مفہوم ہے ”جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو چار ہزار بیماریاں اس کے ساتھ پیدا کر دی جاتی ہیں۔“ اب جو ڈائگنوس ہو گئی، اس کے بارے تو علم ہو چکا، باقی جو رہتی ہیں ان کو نہ جاننے کی وجہ سے ماورائی چیز سمجھ لیا جاتا ہے اور تاریخ کا مطالعہ رکھنے والے جانتے ہیں معمولی بیماری کی علامات بھی کسی دور میں ماورائی مخلوق سے ہی جوڑی جاتی تھیں اور عجیب حرکتوں سے دور کرنے کی کوششیں کی جاتی تھیں۔ خیر یاد رکھیں! پہلے کی بنسبت ہر شے میں تبدیلی آ چکی ہے کیونکہ ہوا، پانی، خوراک، لباس، چلنا پھرنا، اٹھنا بیٹھنا، کام کاج، غرض کہ میل جول رشتوں میں بھی تبدیلی آ چکی ہے۔ اس کے اثرات زندگی میں ثبت ہو چکے ہیں۔ جدید تحقیقات بتاتی ہیں مشینی دور نے انسان کو بھی ایک مشین ہی بنا دیا ہے۔ اب مصنوعی مشین جتنی تیزی سے کام کرتی ہے، ایک گوشت پوست کا انسان تو کر نہیں سکتا۔ اس لیے کوئی زیادہ دوڑنے کی کوشش میں ہلکان کر لیتا ہے پھر کھان پان کی ترتیب و ترکیب بھی اسی تیزی کی نظر ہونے کی وجہ سے مختلف مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔ صحت مند جسمانی زندگی کا راز دماغ ستر فیصد اور جسم تیس فیصد کام کرنے میں چھپا ہے۔ چلو مان کے چلتے ہیں پچاس فیصد دماغ اور پچاس فیصد ہی جسم کام کرے تو ایک ایورج صحتمندانہ زندگی کو جیا جا سکتا ہے لیکن ہمارے ہاں اسی فیصد جسمانی مشقت اور بیس فیصد دماغ سے کام لیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے مختلف مسائل کا شکار ہیں۔ دوسری قسم یہ بھی ہے کاہلی سستی سے جسم لاغر کر لیا اور دماغ کو طرح طرح کی نیگیٹو سوچوں سے بھر لیا گیا ہے، جس سے بھی ناسمجھ اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ جب تک حضرت انسان دوبارہ فطرت کی روش پہ نہیں آتا، اس وقت تک اس کے مسائل حل ہونے کے بجائے بڑھتے ہی رہیں گے۔ آپ کہیں سے بھی علاج معالجہ کروا رہے ہیں، کروائیں لیکن ساتھ ساتھ نفسیات کے ماہرین سے بھی اپنے علاج کے لیے رجوع کریں۔ مذہب ترقی یافتہ دنیا میں تو ایک عرصہ سے یہ کام شروع ہو چکا ہے بلکہ جسمانی طبیب نفسیاتی معالج کی طرف رجوع کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ غیر ترقی یافتہ یا ترقی پذیر دنیا ابھی اس طرف نہیں آ رہی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ لکیر کے فقیر رہنا ہے۔ جب ترقی یافتہ دنیا اس سے بھی آگے ترقی کر جاتی ہے، ان کی متروکہ یا کم استعمال میں رہنے والی چیزیں اور

اطوار پہ عمل کیا جا رہا ہوتا ہے۔ ایک اور وجہ یہ بھی ہے کوئی سیدھا راہ دکھا بھی رہا ہو، اسے جھٹلانے اور خود کو سچا سمجھنے کا خناس بھی رکاوٹ ہے۔ آپ سب لوگ یہ جملہ بولتے اور سنتے بھی ہیں "قرآن و حدیث پہ عمل کرنے سے زندگی بنتی ہے" لیکن اگر دیکھا جائے تو ایک فرد بھی کہنے کے سوا خود بھی عمل کرنے کے لیے تیار نہیں۔ بے شمار مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ آپ سمجھ دار ہیں، ذرا سی توجہ کر کے خود سمجھ سکتے ہیں۔ آپ اگر کرانک ڈیزیز میں پھنسے ہیں، کوئی بات نہیں۔ اللہ اکبر جل جلالہ شافی ہے۔ بس آپ کو کرنا یہ ہے کہ بیماری کی جڑ پہ پہنچے، وہ کب شروع ہوئی؟ اس کی وجوہات کیا تھیں؟ اور آگے بڑھتی کیوں چلی گئیں؟ اچھے سے باغور تجزیہ کریں۔ جب سب کچھ سمجھ آ جائے، اپنی روٹین اسی وقت پہ لے جائیں، جب آپ بالکل تندرست تھے۔ آپ دیکھیں گے کہ صحت مندانہ زندگی شروع ہو گئی ہے۔ خود سمجھ نہیں آتی، پھر بھی کوئی بات نہیں۔ آپ جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ اس ماہر نفسیات سے رابطہ کریں جو بہنا سس پہ بھی دسترس رکھتا ہو۔ اس پہ عمل کرنے سے آپ واپس صحت مند زندگی کی طرف لوٹ جائیں گے، ان شاء اللہ۔ اس کے ساتھ چند ریمیڈیز پیش خدمت ہیں۔

ریمیڈی نمبر 1

آپ کسی بیماری یا پریشانی میں مبتلا ہیں، حل نہیں مل رہا تو ایک پلاسٹک کی تھیلی میں پنک سالٹ اور چینی بالکل برابر وزن میں ملا کر سونے والے سرہانے کے نیچے رکھ کر سونا شروع کر دیں۔ وہ سرہانہ کوئی دوسرا استعمال نہ کرے۔ آپ یہ چیزیں سرہانے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔ مسائل اور بیماریاں آہستہ آہستہ کر کے دور بہت دور چلی جائیں گی، ان شاء اللہ۔

ریمیڈی نمبر 2

گھر کا مین ڈور آمد و رفت کا ہوتا ہے جس سے سبھی لوگ گھر سے آتے اور جاتے ہیں۔ خود یا دیگر لوگوں کی آمد و رفت سے نیگیٹیوٹی گھر میں چمٹ کر آ جاتی ہے یا باہر سے ہی کسی حاسد کی بدنظری کا شکار آپ کا گھر ہو سکتا ہے تو اس کے لیے پنک سالٹ اور چینی برابر وزن میں ملا کر مین ڈور کے اوپر کسی پیکٹ میں رکھ کر رکھ دیں۔ چند دنوں میں ہی پازیٹیوٹی آپ کے گھر میں آ بسے گی، ان شاء اللہ۔

دشمن سے خطرہ ہے، روپے پیسے میں برکت نہیں، کاروبار نہیں چل رہا، کوئی بات نہیں۔ پنک سالٹ اور چینی برابر وزن میں مکس کر کے اپنے گھر کے شمال مشرق کے کونے میں رکھ دیں۔ اگر کونے میں دیوار کے اوپر رکھیں گے کہ باہر اور اندر سے دکھائی دیتی ہو تو کمال ہو جائے، ان شاء اللہ۔

ایک بات یاد رکھیں! ایک ہفتہ کے بعد یہ پنک سالٹ اور چینی بدلتے رہنا ہے۔

تارے دیکھو نہیں۔۔۔۔۔۔ توڑ لو

رسک لو۔۔۔۔۔ یا۔۔۔۔۔ ناکام ہو جاؤ

اگر کوئی سوال ہو تو وہ پوچھ سکتے ہیں۔ اللہ جل جلالہ ہمیں آسانیاں عطاء فرمائے اور ہمیں آسانیاں بانٹنے کی توفیق عطاء مہربانی فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ فقط آپ کا اپنا علمی ہم سفر سید زاھد حسین زیدی

گھر کو حادثات سے محفوظ بنائیں!

بشریٰ تسنیم

زندگی میں ہر قدم، ہر موڑ اور ہر لمحہ حادثات کے امکانات ہوتے ہیں۔ چونکہ حادثات کی نوعیت اور وقت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا لہٰذا کسی حادثہ کی صورت میں فوری طور پر صحیح اور مکمل علاج کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ تاہم کسی حادثہ کے فوراً بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہوئے بغیر اگر عمومی نوعیت کی آسان اور سادہ تدابیر اختیار کی جائیں تو بہت سی قیمتی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ چوٹ لگنا، جل جانا، کرنٹ لگنا، سانپ یا کتے کا کاٹنا اور دم گھٹنا وغیرہ جیسے حادثات گھروں میں ہوتے رہتے ہیں۔ ان حادثات کی صورت میں مریض کی جان بچانے والے فوری اقدامات کے بارے میں ہر مرد اور عورت کو علم ہونا چاہیے۔ آنے والی سطور میں انہی تدابیر کو مختصراً بیان کیا گیا ہے۔

☆ گیس کی وجہ سے سانس میں رکاوٹ ہو یا دم گھٹنے لگے تو فوراً اس جگہ سے نکلنے کی کوشش کریں۔ مریض بے ہوش ہو تو اسے فوری طور پر ہسپتال شفٹ کریں۔

☆ غسل خانے کے اندر کسی صورت میں گیس گیزر نہ لگوائیں۔ چھوٹا گیزر ہو یا بڑا، اسے ہمیشہ باتھ روم سے باہر لگوائیں۔ اندر آنے والی گیس پائپ بار بار چیک کریں۔ پائپ سے لیک ہو کر بھی گیس جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔

☆ باتھ روم میں کھڑکی یا ایگزاسٹ فین ضرور لگوائیں۔

کچن کی احتیاط

☆ سونے سے پہلے گیس کا مین سوئچ بند کر دیں اور چولہے کے تمام knobs چیک کر لیں۔

☆ کمرے میں کسی صورت میں گیس ہیٹر جلا کر نہ سوئیں۔ گیس کی مین سپلائی بند کر کے ہی سوئیں۔

☆ کچن میں چھوٹے بچوں کی آمدورفت کو محدود کریں، خصوصاً جب آپ چولہے پر کڑاہی میں کچھ فرائی کر رہی ہوں۔ ایسے میں بچے پر یا خود آپ پر کڑاہی گرنے کا اندیشہ ہو گا۔

☆ کچن میں چھوٹے بچے، بچیوں سے ایسے کام نہ کروائیں جن سے حادثہ کا اندیشہ ہو۔ مثلاً سامان فرائی کروانا یا بگھار لگوانا وغیرہ۔

☆ حادثے کی صورت میں فوری طور پر ایمبولینس بلائیں۔

☆ حادثے کی صورت میں مریض کو آکسیجن لگائیں اور فوری طور پر ہسپتال لے جائیں۔

بجلی کا کرنٹ لگنا

بجلی کا کرنٹ اکثر خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ اگر کسی کو بجلی کا کرنٹ لگ جائے تو مندرجہ ذیل اقدامات فوری طور پر کریں۔

☆ سب سے پہلے بجلی کا مین سوئچ بند کریں۔

☆ اپنی حفاظت کریں، مریض کو چھونے سے پہلے ربڑ کے جوتے پہنیں یا کسی لکڑی کے تختے، کتاب یا اخبار پر کھڑے ہوں۔

☆ صاف اور خشک دستانے استعمال کریں اور ننگی تاروں کو کسی لکڑی کی مدد سے ہٹائیں۔

عام احتیاط

☆ اگر آپ گھر کی اوپری منزل پر رہتے ہوں اور گھر میں رینگنے والے یا پاؤں چلنا سیکھنے والے بچے ہوں تو دروازہ بند رکھیں۔ یا زینہ پر کوئی آڑ والا دروازہ لگوائیں کہ بچے گرنے سے محفوظ رہیں۔

☆ گھر میں اگر تعمیر یا مرمت کا کام ہو رہا ہو تو اس جگہ کو گھیر دیں تا کہ بچے وہاں نہ جائیں۔ اور ایسی صورت میں مسلسل نگرانی کریں۔

☆ گھر کے باتھ روم ہمیشہ خشک رکھیں۔ گھر کے افراد کو ہدایت ہو کہ باتھ روم استعمال کر کے لازماً وائپر چلائیں۔ اکثر اوقات بزرگ افراد کے گرنے کے واقعات یہیں ہوتے ہیں۔ اگر گھر میں بزرگ افراد ہوں تو اس پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہو گی۔

☆ دوائیں، کیڑے مار یا دیگر زہریلی اشیاء باتھ روم کلینرز اور تیزاب وغیرہ ایسی جگہ رکھیں جہاں صرف بڑوں کی رسائی ہو اور بچے نہ پہنچ سکیں۔

☆ کچن کو استعمال کے بعد بند کر دیا کریں۔ اگر دروازہ نہیں ہے تو دھیان رکھیں کہ بچوں کو نقصان پہنچانے والی چیزیں ان کی پہنچ سے دور ہوں یا الماری میں رکھی ہوں۔ شیشے کے برتن اور کراکری خاص (بقیہ ص 22)

بقیہ (ص 16): خواص دہ اسماء شریف

بقیہ (ص 16)

ہوگی جو عامل حکم کرے گا ویسا ہی ظہور میں آئے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

خاصیت ۱۳: خواص یہ ہے: اگر روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار دہ اسماء شریف کو پڑھ کر پھر درود شریف بکثرت پڑھا کرے تو جمال ذوالجلال کا مشاہدہ کرے گا۔ لیکن خلوت بہت ضروری ہے اور دنیا کی کوئی چیز خدا سے نہ طلب کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جمال الٰہی سے مشرف ہوگا۔

خاصیت ۱۴: اگر دہ اسماء شریف کو دو بار پڑھے، باصوم وصلوٰۃ اور ہمیشہ روزہ سے رہے تو اللہ تعالیٰ درجات عالی پر فائز کرے گا اور ہمیشہ دل میں عشق الٰہی کے سوائے کوئی چیز گزر نہ کرے گی اور سرور کائنات ﷺ کی حضوری حاصل ہوگی۔ اور خدا کے خاص الخاص بندوں میں شمار ہوگا اور دین، دنیا و آخرت...... تینوں جہان میں اُس کا ہمسر کوئی نہ ہوگا۔ جو بات منہ سے نکالے گا، فوراً ظاہر ہوگی۔ زمانہ حال کے رجال الغیب کا سردار ہوگا۔ ان دس اسماء کی دعوت اوّل حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے دی ہے۔ ان کے بعد ہزارہا بزرگان دین نے دہ اسماء کی دعوت دے کر مدارج عالی حاصل کئے ہیں۔

خاصیت ۱۵: اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہے اور کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا تو دہ اسماء کو روزانہ ستائیس (۲۷) بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور چند بار پانی پر دم کر کے پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جسم کے اندر جو بھی مرض ہوگا، دفع ہو کر تندرست ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

خاصیت ۱۶: اگر کوئی شخص کسی ظالم کے قبضہ میں گرفتار ہو یا کسی حاکم جابر سے خطرہ ہو، دہ اسماء کو لکھ کر داہنے بازو پر باندھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ کوئی ظالم کیوں نہ ہو افسر یا حاکم، کل مہربان ہو کر ہر طرح امداد کریں گے۔

خاصیت ۱۷: خواص دہ اسماء شریف کے یہ ہیں جسم میں خواہ کوئی مرض کیوں نہ ہو مثلاً دردسر، درد شقیقہ، درد چشم، درد گوش، درد دندان، درد گلو، خناق و گلہڑ و خنازیر، درد سینہ و پہلو، نمونیہ، درد ناف، درد پیٹ، درد جگر، درد گردہ، عرق النساء اور وجع المفاصل، نقرس، بندش پیشاب انسان ہو یا جانور، اور تپ محرقہ و لرزہ، سل و دق، فالج، لقوہ، رعشہ، مالیخولیا، جنون، مراق، ذیابطیس، ہر قسم کے زہر خوردہ و مار گزیدہ یا مرد و عورت بستہ ہو یا بخت بستہ ہو یا کہ جادو ٹونہ جن دیو پری کوئی آسیب کیوں نہ ہو، مرض اٹھراہ، مان یا کند ذہن نسیان ہو...... اگرچہ جسم میں کوئی بیماری یا علت خواہ کسی عمل سے رجعت ہو کر بیمار ہو گیا ہو، ہر مرض، ہر درد، ہر علت و ہر تکلیف کا علاج بھی بزرگان دین ان دہ نام سے کیا کرتے ہیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ ان ہی دہ نام کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں اور پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائے بھی اور مریض پر چھڑکے بھی اور پڑھ کر مریض پر دم کریں یا جائے ماؤف پر ہاتھ رکھ کر ایک سے لے کر تیرہ (۱۳) تک پڑھ کر ہر طاق پر دم کریں۔ اسی طرح چند بار ایک دو روز اور مہلک امراض میں ہفتہ عشرہ تک عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد یں وغیرہ تو اُسی وقت بند ہوں گی۔ بخار بھی جاتا رہے گا۔ یاد رکھیں! اس سے بھی کئی گنا زیادہ فوائد و خواص دہ (۱۰) اسماء شریفہ کے ہیں، جو بھی عامل جس نیت سے پڑھے گا، کامیاب ہوگا۔ یہ خاص الخاص فقراء کی چیز گوہر نایاب اسرار مخفی خزانہ لاجواب ہے۔ ان دہ ناموں کی اجازت سید قاضی حمید الدین ناگوری چشتی سے واسطہ بہ واسطہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری اور واسطہ بہ واسطہ سلسلہ قادری غوثیہ سید محبوب الٰہی تک پہنچا ہے جو کتاب ہذا و اصل حق میں درج کر دیا ہے۔

دہ (۱۰) نام شریف یہ ہیں

بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم۔ شَزَایُو لِلَدْعِیْ جُوْسًا مُنُوْعًا عَالِیْمًا طَیُوْسُوْنًا سَلِیْخًا مَلَیْخًا مَلْقُوْمًا یَاقَیُّوْمًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ۔

خزینہ روحانیات کی سابقہ 8 جلدیں

روحانی و مخفی علوم سے بھری یہ جلدیں آپ کو عامل کامل بننے میں مکمل مدد دیں گی۔ روحانی معالجین، مریضوں، بندش میں جکڑے انسانوں کیلئے نوید شفاء۔ آپ کو ہر مسئلے کا حل خزینہ روحانیات کے ہر صفحے پر ملے گا۔ دیر نہ کیجئے، سٹاک محدود ہے۔

جلد	قیمت	رعائتی قیمت
جلد#6	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#7	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#8	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#9	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#10	قیمت: 790 روپے	رعائتی قیمت: 590 روپے
جلد#11	قیمت: 840 روپے	رعائتی قیمت: 630 روپے
جلد#12	قیمت: 870 روپے	رعائتی قیمت: 655 روپے
جلد#13	قیمت: 1060 روپے	رعائتی قیمت: 795 روپے

آٹھ جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر

8 جلدوں کی قیمت: 6520 روپے رعائتی قیمت: 4370 روپے علاوہ ڈاک خرچ

شعبہ نشرواشاعت 042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/publications, info@darulamal.org

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت وحصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔

مکمل حصہ: 1850 روپے نصف حصہ: 925 روپے

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0343-7772772 0322-7772772
darulamal.org 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

نومبر 2023ء

تاریخ ____________
نام ____________ والد ____________
والدہ ____________ مکمل پتہ ____________
____
موبائل نمبر ____________
Email (اگر ہو) ____________
مطلوبہ علاج ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج گاہ ruhaniilajgah 0342-7772772 0324-7772772

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

نومبر 2023ء

تاریخ ____________
نام ____________ والد ____________
والدہ ____________ مکمل پتہ ____________
____
موبائل نمبر ____________
Email (اگر ہو) ____________
مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ ruhanidarsgah 0309-7772775 0333-7772775

روحانی علاج گاہ کے تمام واٹس ایپ گروپس کی تفصیل https://bit.ly/3ujXbOW

روحانی بخورات برائے دفع جنات جادو و ہر قسم بداثرات حصول برکت

دفع نحوست، واپسی سحر اور نظر و حسد